ہر لائبریری، یونیورسٹیوں کے علومِ اسلامیہ کے شعبہ جات، تھیسس سپروائزرز اور ریسرچ سکالرز کی ضرورت

Urdu Islamic Research Index

تحقیقاتِ اسلامیات

(پی ایچ-ڈی، ایم فل، ایم اے فہرستِ اُردو مقالات)

اُردو زبان میں علومِ اسلامیہ، عربیہ والالسنۃ الشرقیہ سمیت ادبیات وسماجیات وغیرہ میں مذہبی، ابلاغی، تدوینی اور دیگر اہم جہات سے پاک وہند کے 100 جامعات کے 2227 پی ایچ-ڈی، 2687 ایم-فل اور 2931 ایم-اے سطح پر تکمیل شدہ و زیرِ تحقیق سندی مقالات اور مزید مجوزہ قابلِ بحث 475 عنوانات یعنی کل 8320 موضوعات کا اوّلین الف بائی توضیحی اشاریہ

ترتیب وتہذیب:

ڈاکٹر سعید الرحمٰن بن نور حبیب

اسسٹنٹ پروفیسر، عبدالولی خان یونیورسٹی مردان، خیبر پختونخوا

عبدالغنی پلازہ محلّہ جنگی قصہ خوانی پشاور شہر

091-2580325 - 2590315

0333-4532836 / 0332-9241690

العلم پبلیکیشنز

ہر لائبریری، یونیورسٹیوں کے علوم اسلامیہ کے شعبہ جات، تھیسس سپروائزرز اور ریسرچ سکالرز کی ضرورت

Urdu Islamic Research Index

تحقیقاتِ اسلامیات

(پی ایچ-ڈی، ایم فل، ایم اے فہرستِ اُردو مقالات)

اُردو زبان میں علوم اسلامیہ، عربیہ والالسنۃ الشرقیہ سمیت ادبیات و سماجیات وغیرہ میں مذہبی، ابلاغی، تدوینی اور دیگر اہم جہات سے پاک و ہند کے 100 جامعات کے 2227 پی ایچ-ڈی، 2687 ایم-فل اور 2931 ایم-اے سطح پر تکمیل شدہ و زیرِ تحقیق سندی مقالات اور مزید مجوزہ قابل بحث 475 عنوانات یعنی کل 8320 موضوعات کا اوّلین الف بائی توضیحی اشاریہ

ترتیب و تہذیب:

ڈاکٹر سعید الرحمٰن بن نور حبیب

اسسٹنٹ پروفیسر، عبدالولی خان یونیورسٹی مردان، خیبر پختونخوا

پیشکش و کاوش: اِسلامک ریسرچ اینڈ انڈکسنگ سیل مردان

Email: saeed@awkum.edu.pk
Facebook/saeed.awkum
Cell & WhatsApp# 0313-9700523

نام کتاب	تحقیقاتِ اسلامیات (اردو اسلامک ریسرچ انڈکس)
مرتّب	ڈاکٹر سعید الرحمٰن بن نور حبیب (پی ایچ-ڈی دینی ابلاغیات، ایم-فل رسمیاتِ تحقیق)
	اسسٹنٹ پروفیسر، ڈیپارٹمنٹ آف اسلامک سٹڈیز، عبدالولی خان یونیورسٹی، گارڈن کیمپس، طورو روڈ، مردان
اشاعتِ اوّل	جون 2017ء
پیشکش	اسلامک ریسرچ اینڈ انڈکسنگ سیل (IRIC) مردان
صفحات	521
ناشر	العلم پبلشنگ سروسز: عبدالغنی پلازہ، محلہ جنگی، قصہ خوانی، پشاور
رابطہ نمبر	091-2580325, 0333-4532836

ریسرچ سکالرز، سپروائزرز، چیئرپرسنز، کوآرڈینیٹرز اور لائبریرینز کی خدمت میں گذارش

ATTENTION SCHOLARS, RESEARCHERS, SUPERVISORS, PROGRAM COORDINATORS, LIBRARIANS

آپ صاحبان سے گزارش ہے کہ اپنی اور دیگر یونیورسٹیز کے شعبہ اسلامیات، تاریخ اور مذہبی نہج سے اُردو وغیرہ کے تکمیل شدہ اور زیرِ تکمیل بی ایس، ایم اے، ایم فل اور پی ایچ ڈی مقالات کے فہارسِ عنوانات اور اگر ممکن ہو تو مقالہ جات کی پی ڈی ایف کاپیز یا کم از کم سرِورق کا عکس راقم کے زیرِ نظر اشاریے "تحقیقاتِ اسلامیات: اُردو اسلامک ریسرچ انڈیکس" کے اگلے ایڈیشن کے لیے ترجیحی بنیاد پر پہلی فرصت میں ضرور ارسال فرمائیں۔ شکریہ

آپ ہمیں فہرسِ مقالات یا درج ذیل معلومات ای میل، ایس ایم ایس، وہاٹس ایپ یا مسینجر ان باکس کر سکتے ہیں:

بالخصوص یونیورسٹی آف آزاد کشمیر، الحمد اسلامک یونیورسٹی، محی الدین اسلامک یونیورسٹی، دی یونیورسٹی آف فیصل آباد، کراچی یونیورسٹی، دی یونیورسٹی آف لاہور، لاہور لیڈز یونیورسٹی، لاہور گیریژن یونیورسٹی، منہاج یونیورسٹی لاہور، فیڈرل اُردو یونیورسٹی، سرگودھا یونیورسٹی، گجرات یونیورسٹی، جی سی یونیورسٹی لاہور، یونیورسٹی آف سنٹرل پنجاب لاہور، یونیورسٹی آف مینجمنٹ وٹیکنالوجی لاہور، جناح یونیورسٹی فار ویمن کراچی اور قرطبہ یونیورسٹی پشاور / ڈی آئی خان اور دیگر سرکاری و نجی یونیورسٹیوں اور پوسٹ گریجویٹ کالجز کے متعلقین ضرور تعاون کیجیے۔

Dr. Saeed-ur-Rahman

Ph.D (Religious Media), M.Phil (Rasmiyat-e-Tahqeeq), M.A EPM (Educational Planning & Management), M.Ed (Teacher Education)

Assistant Professor (Islamic Studies) — Abdul Wali Khan University Mardan (AWKUM)

Founder & CEO — Islamic Research & Indexing Cell (IRIC)

Mailing Address: Department of Islamic Studies, Abdul Wali Khan University, Garden Campus Mardan.

Email: saeed@awkum.edu.pk, awkumian@gmail.com

Cell: 0313-9700523
URL: www.awkum.edu.pk
FB: facebook.com/saeed.awkum

فہرسِ مندرجات

زیرِ نظر کاوش کی حیثیت چونکہ ایک مبسوط اشاریہ، توضیحی فہرس یا وضاحتی کتابیات کی ہے لہٰذا مختلف اہلِ علم سے اس کی اہمیت و افادیت واضح کی جاتی ہے البتہ مناسب ہو گا کہ پہلے اشاریہ (Index/Indexing) کی مختلف لغات، موسوعات اور علمی شخصیات سے تعریفات و توضیحات پیش کی جائیں۔

مختلف لغات، موسوعات اور علمی شخصیات سے اشاریہ کا مفہوم

اردو لغت (تاریخی اصول پر) اور اردو دائرہ معارف العلوم (آن لائن) کے مطابق

''اشاریہ 'عربی زبان کے لفظ اشارہ کی ہ حذف کر کے یہ بطور لاحقۂ نسبت لگایا گیا ہے۔ حروفِ تہجی کی ترتیب سے کتاب وغیرہ کے شروع یا آخر میں دی ہوئی فہرست جس میں کتاب کے مضامین اور دوسرے جزئیات کے حوالے اور صفحات وغیرہ درج ہوں (اشاریہ کہلاتا ہے)''

[اردو لغت (تاریخی اصول پر)، ج:۱، ص:۱۱۵، ترقی اردو بورڈ، کراچی / اردو دائرہ معارف العلوم www.urduencyclopedia.org/urdudictionary]

جہانگیر اردو لغت کے مطابق

''اشاریہ (سے مراد) حوالے کی آسانی کے لیے حروفِ تہجی کے مطابق مرتب کی ہوئی فہرست (ہے)، اشاریہ بندی (کا مطلب ہے) اشاریہ تیار کرنا''

[جہانگیر اُردو لغت (جامع ترین)، مرتب: وصی اللہ کھوکھر، ص:۵۴، جہانگیر بکس، ریواز گارڈن، لاہور]

فیروز اللغات کے مطابق

''کسی کتاب کے مضامین کی تفصیلی فہرست حروفِ تہجی کے اعتبار سے (کتاب میں کوئی مضمون، موضوع یا نام ایک سے زائد مقام پر آئے تو تمام متعلقہ صفحات کے نمبر ایک ہی عنوان کے تحت دے دیئے جاتے ہیں)''

[فیروز اللغات اُردو جامع (نیا ایڈیشن)، مرتب: الحاج مولوی فیروز الدین، ص:۹۶، فیروز سنز پرائیویٹ لمیٹڈ، لاہور]

قومی انگریزی اردو لغت کے مطابق

''Index' اشاریہ: ہجائیہ یا طبقہ بند فہرست، مثلاً جو کتاب کے آخر میں لگائی جاتی ہے تاکہ اس میں شامل مواد کا حوالہ تلاش کیا جا سکے''

[قومی انگریزی اردو لغت، مرتب: ڈاکٹر جمیل جالبی، ج:۱ (A-M)، ص:۹۹۱، ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، دہلی، انڈیا، ۱۹۹۳ء]

کشاف اصطلاحاتِ کتب خانہ کے مطابق

''اشاریہ (Index): کسی کتاب یا کتب میں مذکورہ مضامین، اشخاص، مقامات یا ناموں وغیرہ کی مفصل الف بائی یا ابجدی فہرست مع حوالہ صفحات جہاں انہیں استعمال کیا گیا ہو''

[کشاف اصطلاحاتِ کتب خانہ، مقتدرہ قومی زبان، اسلام آباد]

چیمبرز انگلش ڈکشنری کے مطابق

"Index is a table of contents or other preliminary matters in a book"

[Chambers English Dictionary, pp:724, Allied Publishers Limited, Ahmadanbad, India]

نوٹ: اشاریہ (Index) کے درج بالا تعریفات و توضیحات میں اکثر کسی کتاب کے فہرستِ عنوانات تک محدود ہیں اور کسی خاص موضوع پر الگ سے کتابی صورت میں شائع ہونے والے اشاریوں، موضوعی فہارس اور توضیحی کتابیات کی ترجمانی نہیں کرتیں

انسائیکلوپیڈیا امریکانا کے مطابق

"Index, in deks, a key or guide to the contents of books, periodicals, or other materials, prepared to facilitate the location of desired information. Index entries are commonly arranged in alphabetical order. Occasionally, the nature of the material indexed and the use to which it will be put, makes some other arrangements such as chronological or numerical more useful"

[The Encyclopaedia Americana, Vol: 14, pp: 751]

اس تعریف میں اشاریہ سے مراد کتاب یا رسائل کے مضامین کے ساتھ ساتھ دوسرے طریقے سے ترتیب دیے جانے والے مواد کی فہرست بھی ہے

کولیر زانسائیکلوپیڈیا کے مطابق

"Indexing, a method used to locate the contents of a book, of a bound volume of magazines, of an information file or of othe.: materials"
[Collier's Encyclopaedia, Vol: 10, pp: 391, 1955]

کولیر انسائیکلوپیڈیا آف نالج کے مطابق

"An index is a list of the subjects contained in a book, magazine, computerized database, collection of audio-visual materials, encyclopedia or other compilation of record information. Index entries have two parts: a heading and a locator. Headings identify the subject, usually in a word or phrase, and are arranged in a pre-determined order, usually alphabetic. Locators tell where the subject is discussed "
[Collier's Encyclopedia of Knowledge, Vol: 10 (I-J), pp: 69, Gollier Incorporated Danburg, Connecticut, England]

اس تعریف میں کتب، رسائل، انسائیکلوپیڈیا کی فہارس کے علاوہ کمپیوٹر کے ذریعے تیار مفروضات، سمعی و بصری مواد کو بھی اشاریہ میں شامل کیا ہے۔

ورلڈ بک انسائیکلوپیڈیا کے مطابق

"Index is an alphabetical list of topics and subjects that appears at the end of many books. It refers to all the important ideas or names mentioned in a book and lists of the pages where they can be found. The table of contents lists all of the book's chapter headings. The most common kind of index lists in alphabetic order, the topics and pages on which they appear"
[The World Book Encyclopaedia, Vol: 10, pp: 107, World Book Inc, Chicago, USA]

پروفیسر ڈاکٹر عبدالرؤف ظفر کے مطابق اشاریہ کا تعارف اور اہمیت

''کسی کتاب یا رسالے کی فہرستِ مشتملات اس بات کی نشاندہی کرتی ہے کہ اس کتاب یا رسالے کے اندر فلاں مصنف کا لکھا ہوا فلاں مضمون فلاں صفحہ سے شروع ہوتا ہے۔ گویا یہ فہرست اس کتاب کے بارے میں جملہ معلومات کو مختصر ترین الفاظ میں بیان کرنے کا ایک طریقہ ہے۔ بہت ساری کتابوں اور رسائل کی سیکڑوں مجلدات کے مشتملات کے بارے میں آگاہی حاصل کرنے کے لیے بھی یقیناً کوئی طریقہ ایسا ہونا چاہیے تھا جس کے ذریعے یہ آگاہی ممکن ہو سکتی۔ اسی ضرورت کے پیش نظر اہلِ تحقیق نے رسائل کی اشاریہ سازی اور موضوعات کی کتابیات سازی کا طریقہ وضع کیا۔ چونکہ یہ ایک مشکل امر کو آسان تر بنانے کی کوشش تھی لہٰذا ہر محقق نے اپنے اپنے انداز میں اس کو مرتب کیا۔ یہ سبھی کام اپنی جگہ اہمیت رکھتے ہیں، لیکن نئے سے نئے اور آسان سے آسان تر کی تلاش کا سفر نہ کبھی رکا ہے نہ رک سکتا ہے''

[ہفت روزہ فرائی ڈے سپیشل، ج: ۱۶، ش: ۳۰، ص: ۳۹ (اشاریہ سازی کی اہمیت اور اس کی دقتیں)، سید ہاؤس، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی، ۱۴ اگست ۲۰۱۱ء]

محمد قمر سلیم کے مطابق

''اشاریہ کو انگریزی میں Index کہتے ہیں جس کے لغوی معنی ہیں کسی کتاب کی فہرست مضامین یا دیگر ابتدائی مواد۔ اشاریہ کا لفظ عام طور پر کسی کتاب یا جریدے کے مشمولات کی جدول کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ عام طور پر کسی کتاب کے مضامین کی فہرست حروف تہجی کی ترتیب کے مطابق تیار کرنے کو اشاریہ کہتے ہیں۔ حروفِ تہجی کے علاوہ بعض اشاریے تاریخی لحاظ سے، موضوعاتی ترتیب سے اور عددی اعتبار سے بھی تیار کیے جاتے ہیں''

[اشاریہ دل گداز (۱۸۸۷ء سے ۱۹۱۸ء تک)، محمد قمر سلیم، ج: ۱، ص: ۲۱، ۲۲ (مقدمہ)، مکتبہ جامعہ لمیٹڈ، جامعہ نگر، نئی دہلی، انڈیا، بار اوّل: ۲۰۰۳ء]

ڈاکٹر نسرین شگفتہ کے مطابق

''انڈکس کا لفظ لاطینی زبان سے ماخوذ ہے۔ انگریزی زبان میں اشاریہ کو انڈکس کہتے ہیں۔ کسی چیز کی نشان دہی یا اشارہ کرنے کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔ عنوانات اور ناموں کی ایک فہرست جو کسی ایک یا ایک سے زائد کتابوں کے صفحات نمبروں کے ساتھ درج ہو اشاریہ (انڈکس) کہلاتی ہے۔ اشاریہ ایک باضابطہ مرتب فہرست ہے جو ہر اندراج کے بارے میں مختصر معلومات فراہم کرتی ہے۔ جس سے ہر جز و کو تلاش کیا جا سکتا ہے۔ یہ فہرست بہ اعتبار حرف تہجی مرتب کی جاتی ہے۔ اشاریہ کی پانچ اقسام ہیں جو اندراجات کی ترتیب کے اعتبار سے مرتب ہیں:

1. تہجی اشاریہ: یہ لغت کی ترتیب سے بنایا جاتا ہے جو استعمال کے اعتبار سے آسان اور سہل ہے۔
2. درجہ بند اشاریہ: درجہ بندی نمبروں کے تحت اندراجات کو منطقی ترتیب سے مرتب کیا جاتا ہے۔
3. صنفی اشاریہ: شعری و نثری اصنافِ ادب کے تحت مصنفین اور عنوانات کے تہجی ترتیب میں مرتب اشاریہ صنفی اشاریہ کہلاتا ہے۔
4. نسبتی اشاریہ: ایک موضوع سے نسبت رکھنے والے اندراجات بمع صفحات درج کیے جاتے ہیں جس ترتیب سے متن میں آئے ہوں۔
5. واقعاتی اشاریہ: اس میں کتابی معلومات کے علاوہ واقعات کی تشریح بھی کی جاتی ہے۔''

[سہ ماہی صدائے لائبریرین: صنفی اشاریہ (اپریل ۲۰۱۴ء تا دسمبر ۲۰۱۷ء)، ڈاکٹر نسرین شگفتہ، ص: ۵ (ابتدائیہ)، صدائے لائبریرین پبلشرز، لاہور، ۲۰۱۷ء]

نوشاد منظر کے مطابق

''اشاریہ ایک قسم کی فہرست سازی (Indexing) ہے۔ اس کی بنیاد اطلاعات پر قائم ہوتی ہے۔ آغاز انگلستان میں ہوا مگر اس کو فروغ امریکہ میں ملا''

[رسالہ شاہراہ: تجزیاتی مطالعہ اور اشاریہ، نوشاد منظر، ص: ۱۱ (حرفِ آغاز)، ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، دہلی، انڈیا، ۲۰۱۴ء]

☆☆☆

پروفیسر ابو سفیان اصلاحی کے مطابق علمی و تحقیقی سرگرمیوں کے لیے اشاریات و کتابیات ناگزیر بنیادی ضرورت

''علم و تحقیق کی دنیا میں اشاریات، کتابیات اور فہارسِ اعلام وا ماکن کی غیر معمولی اہمیت ہے اور اب یہ محققین کے لیے ایک ایسی بنیادی ضرورت کی حیثیت اختیار کر چکی ہے جس سے صرفِ نظر ممکن نہیں رہا۔ علمی و تحقیقی کاموں کے لیے اس کی ناگزیر ضرورت و اہمیت کا احساس سب سے پہلے مسلمانوں ہی نے کیا اور اس میدان میں بڑی گراں قدر خدمات انجام دیں۔ جس کے لیے دنیائے علم و دانش ہمیشہ ان کی مرہونِ منت رہے گی۔ موجودہ دور میں اہلِ مغرب نے اس کی طرف بہت توجہ دی ہے اور اسے ترقی کی ان بلندیوں تک پہنچادیا ہے جس کا کچھ دنوں پہلے تصور بھی ممکن نہیں تھا اور یہ سلسلہ برابر جاری ہے۔ کتابیات سے ایک بنیادی فائدہ تو یہ ہے کہ بہت سی علمی اور تحقیقی کاوشیں جو امتدادِ زمانہ کے باعث اہلِ علم کی نظروں سے او جھل ہو چکی ہیں وہ دوبارہ نظر میں آجاتی ہیں اور اس طرح ان سے استفادہ کی راہ آسان ہو جاتی ہے۔ نیز بہت سے غیر معروف مصنفین کی علمی خدمات سے اہلِ علم و دانش کو متعارف ہونے کا موقع بھی ملتا ہے اور ان تک رسائی کی سبیل پیدا ہو جاتی ہے۔ اس کے علاوہ خصوصاً اس عہد میں جب کہ قافلۂ علم و دانش کی رفتارِ تحقیق غیر معمولی حد تک تیز ہو چکی ہے کسی خاص میدان میں کام کرنے کے لیے یہ معلوم کرنا کہ اس خاص موضوع پر کیا کچھ کام ہو چکا ہے اور کہاں کہاں کیا کام ہو رہا ہے ایسا ہفت خواں ہے جس کا سر کرنا کتابیات کی رہنمائی کے بغیر ممکن نہیں۔ مختلف موضوعات پر معیاری کتابیات کی تیاری نے محققین کے کام کو بہت آسان بنا دیا ہے۔ مسلمان خود اپنی قائم کی ہوئی اس روایت کو بڑی حد تک بھول چکے تھے۔ شکر کا مقام ہے کہ جو علمی بیداری گزشتہ چند سالوں میں عالمِ اسلام کے مختلف حصوں میں محسوس کی جا رہی ہے اس کے زیرِ اثر بہت سے دوسرے موضوعات کے ساتھ ساتھ کتابیات کی تیاری کی طرف بھی توجہ ہوئی ہے اور اس کے خاطر خواہ نتائج سامنے آرہے ہیں''

[کتابیاتِ قرآن، مرتب: پروفیسر ابو سفیان اصلاحی، ص: ۶-۷ (اشاریات)، سر سید اکیڈمی، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ، انڈیا، ۲۰۱۶ء]

ڈاکٹر ابو سلمان شاہ جہان پوری کے مطابق کتابیات چراغِ ہدایت نیز مواد کی صحت کی جانچ اشاریہ نویس کی ذمہ داری نہیں

''کسی موضوع پر تحقیق کے لیے اس موضوع کی کتابیات چراغِ ہدایت کی حیثیت رکھتی ہیں.... (اس کے) مواد کی صحت کی جانچ یوں بھی ایک اشاریہ ساز کے دائرہ کار میں نہیں آتی، اس کا کام دستیاب مواد کو مطالعہ و تحقیق کنندگان کے لیے ایک خاص ترتیب سے پیش کر دینا ہوتا ہے۔ کسی حوالے کی اصل حقیقت کیا ہے اور تاریخ و تحقیق کے نقطہ نظر سے اس حوالے کا درجہ استناد کیا ہے، یہ کام اشاریہ نویس کا نہیں مصنف محقق کی ذمہ داری ہے''

[کتابیات: پاکستان کے اخبارات و رسائل (۱۹۴۷ء تک)، ڈاکٹر ابو سلمان شاہ جہان پوری، ص: ۹-۱۲، مقتدرہ قومی زبان، اسلام آباد، طبع اوّل: جنوری ۱۹۸۷ء]

ایک اور مقام پر اردو اشاریوں کا تنقیدی جائزہ لیتے ہوئے رقم طراز ہیں:

''اردو میں اشاریہ نویسی کے آغاز پر تقریباً ایک صدی پوری ہونے والی ہے۔ اس مدت میں علوم و فنون کے مختلف دائروں میں پچاسوں اشاریے نظر

سے گزرے اور اپنے کاموں میں ان سے استفادہ کیا لیکن ہر مرتبہ محسوس کیا کہ اس کی تکوین میں کوئی خامی رہ گئی ہے جو اس سے کامل استفادے میں رکاوٹ پیدا کر رہی ہے۔ کوئی ایسا اشاریہ نظر سے نہیں گزرا جو ہر پہلو سے جامع اور مکمل ہو اور ہر سوال کا شافی جواب رکھتا ہو۔۔۔۔اشاریہ نویسی کا فن چونکہ ابھی تک تجربے کے دور سے گزر رہا تھا اور اس کے اصول، انواع و اقسام، اس کے شرائط، اس کی خصوصیات، علمی معیار، اس کے حدود و اطراف کے بارے میں کسی صاحبِ علم و نظر نے سوچا ہی نہ تھا اور یہ فن ابھی تک تشنہ تکمیل تھا اس لیے کسی مرتب سے شکوے کا موقع نہ تھا''

[اشاریہ نعت رنگ (شمارہ ۱تا۲۰)، مرتب: محمد سہیل شفیق، ص: ۱۶ (مقدمہ)، نعت ریسرچ سنٹر، کراچی، اشاعتِ اول: مارچ ۲۰۰۹ء]

ڈاکٹر امتیاز ندیم کے مطابق اشاریہ سازی کا مقصد تحقیقی امور میں آسانی کی فراہمی

''اردو میں اشاریہ سازی کا آغاز ''الفہرست'' سے ہوتا ہے جسے محمد سجاد مرزا بیگ دہلوی نے ۱۹۱۳ء میں ترتیب دیا تھا۔۔۔۔۔۔۔الفہرست کی ترتیب فن وار ہے۔ اس میں کتاب، مصنف، سنہ اشاعت، تعدادِ صفحات، قیمت، مطبع، پتا وغیرہ کی تفصیلات فراہم کی گئی ہیں۔۔۔۔اسی طرح اشاریہ سازی کا مقصد مطبوعہ کتب کی تفصیلات فراہم کرنا تھا لیکن یورپی ممالک نے اس کام کو تحقیقی امور میں آسانی بہم پہنچانے کے لیے شروع کیا۔ اس کی تقلید اردو میں بھی دیکھنے کو ملتی ہے۔ فی زمانہ یہ فن کافی اہمیت اختیار کر چکا ہے''

[ماہنامہ مخزن: اشاریہ اور ادبی خدمات، ڈاکٹر امتیاز ندیم، ص: ۱۱، مؤناتھ بھنجن، انڈیا، سن اشاعتِ اوّل: اپریل ۲۰۰۷ء]

پروفیسر آندرے بیتے کے مطابق کتابیات تحقیق کے ہر شعبے میں لازمی معاون و مددگار

''کسی ایک زبان ہی کو لے لیں تو اس میں علمی مواد اس قدر زیادہ موجود ہے کہ کسی تحقیقی کام کرنے والے کے لیے ناممکن ہے کہ وہ بغیر کسی مدد کے خود اپنے طور پر اس کا اندازہ بھی کر سکے۔ کتابیات تحقیق کے ہر شعبہ میں ایک لازمی مددگار کا درجہ حاصل کر چکی ہے۔ عام لوگوں میں سے تعلیم یافتہ افراد کو بھی اس کا اندازہ نہیں ہے کہ اہلِ علم اپنے کام کے لیے کتابیات کے کس حد تک محتاج ہو چکے ہیں۔ انگریزی مطبوعات کی فہارس تو بآسانی دستیاب ہیں۔ لیکن دوسری زبانوں میں تقریباً نایاب ہیں۔ یہ ہندوستان کے عالموں کی ایک زبردست محرومی ہے۔ تحقیقاتی کاموں کے لیے کتابیات کو استعمال کرنے والوں میں سے بہت کم کو احساس ہوگا کہ اس کو تیار کرنے کا کام کس قدر دشوار اور مشقت طلب ہوتا ہے''

[وضاحتی اردو کتابیات (عمرانی علوم)، انور معظم/اشہر فرحان، جلد: ۱، ص: vii (پیش لفظ)، ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، دہلی، انڈیا، ۲۰۰۸ء]

پروفیسر ڈاکٹر انعام الحق کوثر کے مطابق موضوعاتی اشاریوں کی تحقیقی دنیا میں تسلیم شدہ اہمیت

''موضوعاتی اشاریے ہمارے اساتذہ، طلبا اور عام دلچسپی رکھنے والے افراد کو اپنے مطلوبہ مواد تک فوری رسائی میں مدد دیتے ہیں ایسے اشاریوں کی اہمیت تحقیقی دنیا میں مسلم ہے یہی وجہ ہے کہ دیگر مقبول زبانوں کی طرح اردو زبان کے اہم مجلّات کے اشاریے بھی الگ سے شائع ہو رہے ہیں''

[موضوعاتی اشاریہ ششماہی السیرۃ عالمی اور نعت رنگ، ص: ۱۰ (مقدمہ)، سیرت اکادمی بلوچستان، سیٹلائٹ ٹاؤن، کوئٹہ، اشاعت اول: مئی ۲۰۰۳ء]

ڈاکٹر تحسین فراقی کے مطابق اشاریوں کی تخلیقی، تنقیدی اور تحقیقی اہمیت

''(بعض) اشاریے تخلیق، تنقید اور تحقیق کے لیے نئے راستے کھولتے ہیں''

[ماہنامہ عالمی ترجمان القرآن، جلد: ۵، عدد: ۶، ص: ۱۱۰، الابلاغ ٹرسٹ، منصورہ، لاہور، جون ۲۰۱۵ء]

ڈاکٹر جمشید احمد ندوی کے مطابق عربی و اسلامی فہرست سازی کی مختصر مگر جامع تاریخ اور تحقیقی اہمیت

''تصنیف و تالیف اور ترجمہ کے لحاظ سے عباسی دور کو اسلامی تاریخ کا عہدِ زرّیں قرار دیا جاتا ہے۔ عہدِ اسلامی و عہدِ اموی میں جن اسلامی علوم و فنون کا آغاز ہوا اس عہد میں نہ صرف یہ کہ ان کا ارتقاء ہوا، بلکہ بعض ایسے علوم و فنون وجود میں آئے جن کو متعارف کرانے کا اعزاز مسلمانوں کو حاصل ہے۔ ان میں ایک فن فہرست سازی بھی ہے۔۔۔۔۔فہرست سازی کی ابتدائی کڑیاں تیسری صدی سے ہی دستیاب ہونے لگتی ہیں اور چوتھی صدی میں یہ فن ارتقاء کے مراحل طے کر لیتا ہے کہ کئی ایک فہرستِ کتب مرتب کر دی جاتی ہیں، مثلاً فارابی کی احصاء العلوم اور خوارزمی کی مفاتیح العلوم۔۔۔۔۔اسی صدی

میں ابن ندیم کی شخصیت منظرِ عام پر آتی ہے جس نے اپنے پیش روؤں کے فراہم کردہ سرمایہ اور وراقی کے پیشے سے وابستگی اور کتب سے دلچسپی کے نتیجے میں معرکہ آراء کتاب "الفہرست" مرتب کی جو اس فن میں لکھی جانے والی کتب میں سنگ میل اور شاہ کار کا درجہ رکھتی ہے........ابن ندیم کے بعد فہرست سازی کے فن نے دیگر علوم کی طرح ترقی نہیں کی۔ بعد کی صدیوں میں طوسی کی الفہرست، ابن خیر اشبیلی کی فہرست کتب، فخر الدین رازی" کی حدائق الانوار، قطب الدین شیرازی کی درۃ التاج، طاش کبریٰ زادہ کی مفتاح السعادۃ، ملا لطفی کی المطالب الالٰہیہ، محمد امین بن صدر الدین شروانی کی الفوائد الخاقانیہ اور ان جیسی چند ایک تصانیف کا ذکر ضرور ملتا ہے۔ لیکن یہ کتابیں ابن ندیم کی الفہرست کی طرح جامع نہیں ہیں مثلاً طوسی کی کتاب شیعی علماء کی کتب پر مشتمل ہے اور ابن خیر اشبیلی کی کتاب اندلس کے علمی سرمایہ کو سامنے لاتی ہے۔ تاہم اس میں کہیں کہیں مشرقی علوم و فنون کے سلسلہ کا کچھ نہ کچھ مواد بھی مل جاتا ہے......ابن ندیم کے بعد فن فہرست سازی میں دوسری اہم شخصیت حاجی خلیفہ کاتب چلپی کی منظرِ عام پر آتی ہے جو اس فن کے ناتواں جسم میں ایک نئی روح پھونک دیتی ہے۔ وہ مسلسل کئی سالوں کی محنت کے بعد کشف الظنون عن اسامی الکتب والفنون جیسی بے مثال کتاب مرتب کرنے میں کامیاب ہوئے۔ یہ کتاب اس قدر مشہور و معروف ہوئی کہ اس کے متعدد ذیول اور تکملے لکھے گئے اور آج تک یہ کتاب محققین کے لیے ایک ماخذ کی حیثیت رکھتی ہے........ عصرِ جدید میں فہرست سازی اپنی پوری آب و تاب کے ساتھ جلوہ گر ہے اور مختلف جہات سے فہرستِ کتب مرتب کی جانے لگی ہیں، خصوصاً پوری دنیا میں بکھرے ہوئے مخطوطات کی فہارس مرتب کرنے کا سلسلہ شروع ہو چکا ہے جو ہنوز جاری ہے۔ ان تمام فہارس مخطوطات کا مختصر تعارف بھی ایک ضخیم کتاب کا تقاضا کرتا ہے...... فہرست سازی سے متعلق جو سرمایہ کتب موجود ہے وہ حسبِ ذیل طریقوں سے ترتیب دیا گیا ہے، ۱:۔ عمومی فہرستِ کتب جیسے ابن ندیم کی الفہرست اور کشف الظنون وغیرہ، ۲:۔ خصوصی فہرستِ کتب یعنی کسی ایک مصنف کی تمام کتب کی فہرست جیسے مؤلفات الغزالی"، مؤلفات ابن الجوزی"، مؤلفات ابن خلدون"، اسماء مؤلفات ابن تیمیہ" وغیرہ، ۳:۔ کسی لائبریری میں موجود عربی کتب کی فہرست جیسے بغداد یونیورسٹی کی مرکزی لائبریری کی فہرست، ۴:۔ کسی ملک سے شائع ہونے والی عربی کتب کی فہرست جیسے سلسلہ "النشرۃ المصریۃ للمطبوعات"، ۵:۔ کسی ملک کے کسی خاص ادارے کی جانب سے شائع کی جانے والی کتب کی فہرست جیسے وزارۃ الارشاد سے شائع ہونے والی کتب کی فہرست، ۶:۔ کسی خاص فرقہ کے علماء وادباء کی فہرست کتب جیسے الذریعۃ الی تصانیف الشیعہ، ۷:۔ کسی مقام کے متعلق لکھی جانے والی کتب کی فہرست جیسے جمہرۃ المراجع البغدادیہ، ۸:۔ کسی خاص موضوع پر مرتب کی جانے والی فہرست جیسے مصادر التراث العسکری، مصادر التراث العربی وغیرہ، ۹:۔ کسی یونیورسٹی کے اساتذہ کے آثار علمیہ پر محیط کتاب جیسے الآثار العلمیۃ الاعضاء ہیئۃ التدریس بجامعۃ القاہرۃ۔ مزید تلاش و جستجو کے بعد مذکورہ تقسیم کی تعداد میں کچھ اور اضافے بھی ہو سکتے ہیں۔ فن فہرست سازی میں عربی کے علاوہ دیگر زبانوں میں بھی سرمایہ منظرِ عام پر آ چکا ہے، لیکن ان کا استیعاب مکمل کتاب کا متقاضی ہے"

[سہ ماہی تحقیقات اسلامی، مشمولہ: فہرست سازی پر عربی زبان میں مسلمانوں کی خدمات-ایک تاریخی جائزہ، تحریر: ڈاکٹر جمشید احمد ندوی، جلد: ۲۵، شمارہ: ۴ (اشاعتِ خاص)، ص: ۱۹۰-۲۱۲، ادارہ تحقیق و تصنیف اسلامی (ITTI)، پان والی کوٹھی، دودھ پور، علی گڑھ، بھارت، اکتوبر تا دسمبر ۲۰۰۶ء]

ڈاکٹر جمیل اختر کے مطابق اشاریہ بندی بالخصوص مجلات کے اشاریوں کی بنیادی تحقیقی حیثیت

"آج کے سائنٹیفک دور میں طباعت کی جدید ترین سہولتوں کے فراہم ہونے کی وجہ سے ہر سبجیکٹ (مضمون) اور موضوع پر اس قدر لٹریچر شائع ہو رہا ہے کہ سب کا احاطہ کرنا ممکن نہیں تو مشکل ضرور ہے۔ ان حالات میں کتابوں کے اس بحرِ ذخار میں کسی خاص موضوع تک نہایت تیزی کے ساتھ پہنچنے کی ضرورت نہایت شدت سے محسوس کی جا رہی ہے۔ تحقیق کے میدان میں کتابوں اور رسالوں میں مطلوبہ مواد تک رسائی کے لیے اشاریہ ایک بنیادی حیثیت کا حامل ہے..... آج کے دور میں جہاں محقق کو بہت سی سہولتیں میسر ہیں، اس کی راہ میں بہت سی دشواریاں بھی حائل ہیں۔ اگر ایک طرف لائبریریاں اور اکیڈمیاں قائم ہیں تو دوسری طرف تحقیق کرنے والوں کو اپنے موضوع سے متعلق مواد تلاش کرنے میں خاصی دشواری ہوتی ہے اور محقق کو لائبریری کی تمام کتابوں اور رسائل کی گرد جھاڑنی پڑتی ہے جو خاصا مشکل کام ہے۔ پھر یہ کسی بھی لائبریری میں کسی بھی رسالے کا مکمل فائل ملنا مشکل ہوتا ہے۔ شاید ہی کوئی لائبریری ایسی ہو جہاں کسی رسالے کے تمام شمارے موجود ہوں۔ ایسی صورت میں محقق کی

دشواریاں ناقابل بیان ہو جاتی ہیں اوران حالات میں صرف اشاریہ ہی اس کی مدد کر سکتا ہے۔اشاریہ کو دیکھ کر محقق کو یہ پتہ چل جاتا ہے کہ کسی رسالے میں اس کے کام کی چیز موجود ہے یا نہیں؟اس طرح سے تمام رسائل کی ورق گردانی کی زحمت سے بھی نجات مل جاتی ہے اوراس کا قیمتی وقت بھی بچ جاتا ہے۔اشاریہ کی رہنمائی کی روشنی میں وہ صرف انہیں رسائل کو دیکھتا ہے جن میں اس کا مطلوبہ مواد ہوتا ہے......رسائل کے اشاریے کی اہمیت کا اندازہ وہی لوگ لگا سکتے ہیں جنہیں تحقیقی کام سے واسطہ پڑتا ہے۔پھر یہ کہ رسائل کے اشاریہ کی اہمیت محقق کے لیے یوں بھی ہے کہ رسائل کے اندر ایک ہی موضوع پر متنوع مضامین مل جاتے ہیں اس لیے بسا اوقات ایک مضمون سے جتنی معلومات حاصل ہو جاتی ہیں وہ کبھی کبھی ایک کتاب سے بھی فراہم نہیں ہوتیں۔ایسے میں ریسرچ کے طالب علم کے لیے ایک مضمون کی اہمیت پوری کتاب سے زیادہ ہوتی ہے۔رسائل میں موضوعات کا بھی تنوع ہوتا ہے اس لیے تقریباً تمام اہم موضوعات پر مضامین مل جاتے ہیں جو کسی ایک کتاب میں نہیں ملتے۔پھر یہ کہ رسائل میں قاری اور وقت کے تقاضے کو بھی سامنے رکھتے ہوئے کسی خاص موضوع پر مضامین لکھوائے اور شائع کیے جاتے ہیں لیکن اس موضوع پر کوئی کتاب ایک عرصے بعد کبھی آجاتی ہے اور کبھی نہیں۔گویا تحقیق میں مواد کی فراہمی جتنی رسائل سے ممکن ہے کتابوں سے نہیں۔آج بھی بہت سے ایسے موضوعات ہیں جن پر مواد صرف مختلف رسائل ہی میں ملتے ہیں۔کتابیں اس سلسلے میں کوئی خاص رہنمائی نہیں کرتیں اس اعتبار سے تحقیق کے میدان میں رسائل کے اشاریوں کی اہمیت سے انکار نہیں کیا جاسکتا۔"

(نوٹ: یہ وضاحت "رسائل و جرائد کی اشاریہ سازی" کے حوالے سے ہے تاہم اس سے اشاریہ بندی کی عمومی ضرورت، اہمیت وافادیت بھی عیاں ہوتی ہے)

[اشاریہ آج کل: ۱۹۴۲ء-۲۰۰۰ء، مرتب: ڈاکٹر جمیل اختر، ص: ۱۹، ۲۰ (حرفِ چند)، انٹرنیشنل اردو فاؤنڈیشن، نئی دہلی، انڈیا، اشاعتِ اوّل: اگست ۲۰۰۲ء]

پروفیسر جیمس نائی کے مطابق وضاحتی کتابیات کی حوالہ جاتی قدر و قیمت

"وضاحتی کتابیات پر علمی کاموں کا دار و مدار ہوتا ہے۔حوالوں کے یہ ماخذ اس وقت اور قیمتی ہو جاتے ہیں جب انہیں عالموں نے خود اپنے مخصوص تحقیقی میدان کے لیے تیار کیا ہو۔ایسی فہارس نہ صرف یہ کہ کسی مضمون پر دستیاب ادب تک رسائی کا ایک در کھول دیتی ہیں بلکہ علمی تحقیقات کے کسی میدان میں موجود معلومات کی تلخیص پیش کرنے کے ساتھ ساتھ مخصوص کتاب کو ایک وسیع تر تناظر میں قائم بھی کر دیتی ہیں"

[وضاحتی اردو کتابیات (عمرانی علوم)، انور معظم/اشہر فرحان، جلد: ۱، ص: viii (پیش نامہ)، ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، دہلی، انڈیا، ۲۰۰۸ء]

ڈاکٹر حشمت فاتحہ خوانی کے مطابق اشاریہ کتب ورسائل محقق کے وسعتِ مطالعہ کے لیے زینہ

"کسی بھی زبان وادب کے ارتقاء میں تحقیق وتنقید سے انکار ممکن نہیں اور تحقیق کے لیے اشاریہ کتب ورسائل ریڑھ کی ہڈی کا کام انجام دیتے ہیں۔جس سے تحقیق کی قدر و قیمت کا صحیح اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔معیارات قائم کئے جاسکتے ہیں۔بلکہ ذوق و جستجو کو جلا مل سکتی ہے۔محقق کے وسعت مطالعہ کے لیے اشاریہ زینہ کا کام انجام دیتا ہے۔یہی نہیں بلکہ محقق و قاری اشاریہ کی مدد سے ماضی، حال اور مستقبل کے خلاء کو تلاشنے اور پر کرنے کی جستجو میں ادب و تہذیب کی نئی راہوں پر چل نکلتا ہے"

[اشاریہ ماہنامہ معارف، ڈاکٹر یوسف فاتحہ خوانی، ص: ۷، vii (دو باتیں صاف صاف)، مکہ پبلی کیشنز (بتعاون قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان)، دہلی، ۲۰۱۵ء]

پروفیسر زکریا ساجد کے مطابق اشاریہ سازی علمی تحقیق کی حوصلہ افزائی کے جانب ایک مثبت قدم

"صحافتی ادب سے استفادہ کے سلسلے میں ایک بڑی رکاوٹ یہ رہی ہے کہ ابھی تک ہمارے ہاں رسائل و جرائد میں مطبوعہ مضامین و مندرجات کا اشاریہ مرتب کرنے کی روایت جڑ نہ پکڑ سکی۔اس طرح ہم ماضی کی اہم اور معرکہ آراء تخلیقات سے فائدہ اٹھانے سے محروم رہ جاتے ہیں کیونکہ مختلف رسالوں کے فائل بہت کم جگہ دستیاب ہیں اور اشاریہ نہ ہونے کے باعث اپنی ضرورت اور دلچسپی کے مضامین کی تلاش ایک امر محال ہے، تصنیف وتالیف اور فنِ کتاب داری کے نئے تقاضوں کے پیش نظر اب اہم قومی اخبارات ورسائل کے اشاریے مرتب کرنے پر توجہ دی جا رہی ہے۔اسے بجا طور پر علمی تحقیق کی سرپرستی و حوصلہ افزائی کی جانب ایک مثبت قدم تصور کیا جانا چاہیے"

(نوٹ: یہ وضاحت "اخبارات و جرائد کی اشاریہ سازی" کے حوالے سے ہے تاہم اس سے اشاریہ بندی کی عمومی ضرورت، اہمیت وافادیت بھی عیاں ہوتی ہے)

[اشاریہ ضیائے حرم، عابد حسین شاہ، ص:۸ (تعارف)، خیابانِ کرم، کری روڈ، چک شہزاد، اسلام آباد / مطبوعہ کراچی، ۱۹۹۷ء]

ڈاکٹر سعید احمد کے مطابق اشاریہ 'اشاریہ نویس کی تخلیقات کا آئینہ دار نیز کثیر الجہات لکھاریوں کے اشاریوں کی اہمیت

''اشاریہ کسی لکھنے والی کی جملہ تخلیقات کا آئینہ دار ہوتا ہے۔ اگر تخلیق کار کثیر الجہات شخصیت کا مالک ہو اور درجنوں کتابوں کا مصنف اور مؤلف بھی، تو اشاریہ کی ضرورت واہمیت اور بڑھ جاتی ہے''

[اشاریہ ڈاکٹر سلیم اختر، ترتیب وتہذیب: حمیرا رفیق، ص: بیک ٹائیٹل (تاثرات ڈاکٹر سعید احمد)، شمع بکس، بھوانا بازار، فیصل آباد]

ڈاکٹر سعید الرحمٰن کے مطابق دنیائے علم و تحقیق میں اشاریہ سازی کی اہمیت وافادیت

''جو افراد، معاشرے اور قومیں اپنے ماضی کے آئینے میں حال کا جائزہ لے کر مستقبل کی راہوں کا تعین کرتی ہیں، کامیابی یقیناً ان کے قدم چومتی ہے۔ کیا لکھا؟ کس نے لکھا؟ کس دور میں لکھا اور کیسے حالات میں لکھا؟ ان معلومات تک رسائی اشاریوں کے بدولت ممکن ہوتی ہے۔ علم و تحقیق کی دنیا میں اشاریہ سازی اور کتابیات کا فن سنگِ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ اشاریے محققین کے لیے ایک خاصے کی چیز، انتہائی مفید، ناگزیر معاون اور مستقل رہنما کی حیثیت رکھتے ہیں جس سے علم و تحقیق کی نئی راہیں مدون کرنے میں مدد ملتی ہے اور متلاشیانِ حق کے لیے ایک قیمتی مصدر ثابت ہوتے ہیں۔ اس کی بدولت محققین بالخصوص دینی موضوع پر تخصص کرنے والے یا جامعات میں ڈاکٹریٹ اور ایم فل کرنے والے نووارد محققین کو اپنے موضوع کے مضامین اور کتب تک رسائی میں معاونت و سہولت پیدا ہوتی ہے اور وہ اپنے مطلوبہ موضوع پر شائع شدہ مضامین و مقالات کی تلاش میں مجلّات کے سابقہ جلدوں اور شماروں کی ورق گردانی میں اپنا قیمتی وقت صرف کیے بغیر باسانی ان تک رسائی حاصل کر لیتے ہیں........ اشاریہ سازی ایک فن ہے جس کے لیے فہم و شعور کے ساتھ یکسوئی کی بھی ضرورت ہوتی ہے یہ اگرچہ ایک خاصا مشکل، دقت آمیز اور وقت طلب کام ہے مگر اس کے باوجود بعض نقاد (اپنے تئیں) اس کو ایک غیر تخلیقی کاوش قرار دیتے ہیں لیکن اگر محقق کے اندر تحقیقی اور تخلیقی صلاحیت موجود ہو تو اشاریہ بھی ایک تخلیق بن سکتا ہے۔ اشاریے کا اسلوب، طریقہ کار اور اندازِ ترتیب ایسا ہونا چاہیے کہ وہ کسی مطلوبہ موضوع کی تلاش میں جامعیت کے ساتھ سہولت و آسانی پیدا کرے......رسائل و جرائد کے علاوہ کئی اہم موضوع پر کتب کے اشاریے بھی بنائے جاتے ہیں جیسے سیرتِ طیبہ پر اردو کتب کا اشاریہ۔ کبھی کبھار فہرست کے ساتھ ساتھ ان پر مختصر تبصرہ بھی کیا جاتا ہے ایسی صورت میں اسے توضیحی اشاریہ یا توضیحی فہرست بھی کہہ سکتے ہیں''

[پاک وہند کے منتخب اردو اسلامی جرائد کی نمایاں خصوصیات اور بنیادی مناہج کا علمی وتجزیاتی مطالعہ (تحقیقی مقالہ برائے پی ایچ ڈی)، ڈاکٹر سعید الرحمٰن، ص: ۶۰، ۶۱، ۶۳ (تلخیصاً)، ڈیپارٹمنٹ آف اسلامک سٹڈیز، عبدالولی خان یونیورسٹی مردان (AWKUM)، مردان، صوبہ خیبر پختونخوا، پاکستان، سیشن: ۲۰۱۲ء-۲۰۱۵ء]

ڈاکٹر سفیر اختر کے مطابق اشاریہ بندی خصوصاً مجلات کے اشاریے ماضی میں جھانکنے کے وسیلے

''دنیائے علم وادب میں رسائل و جرائد کو جو اہمیت حاصل ہے، اس کے پیشِ نظر اُن کی مجلدات محفوظ کی جاتی ہیں، اور برس ہا برس پر محیط مجلدات کے اشاریے تیار کیے جاتے ہیں، تاکہ ان رسائل سے استفادہ آسان تر ہو جائے۔ مختلف موضوعات پر کتابیاتی خدمات فراہم کرنے والے ادارے اس کام میں لگے ہوئے ہیں اور بعض موضوعات پر تو ان کی جانب سے ماہانہ یا سہ ماہی بنیادوں پر رسائل کے محتویات کے اشاریے شائع ہو رہے ہیں۔ ہمارے ہاں ماضی میں رسائل و جرائد کے تحفظ اور ان سے استفادے کی مضبوط روایت نہیں رہی، تاہم اکا دکا کتب خانوں اور باذوق افراد نے کچھ زحمت برداشت کی اور اسی کی بدولت ایک حد تک ہم اپنے ماضی میں جھانک سکتے ہیں۔ پچھلے پچیس تیس برسوں میں ہمارے ہاں فہرست نگاری اور اشاریہ سازی کو کچھ اہمیت حاصل ہوئی ہے۔ اور خوش آئند امر یہ ہے کہ یہ رجحان ترقی پذیر ہے۔ گزشتہ چند برسوں میں شائع ہونے والے چند اشاریوں سے استفادے کا موقع ملا تو ان کی خوبیاں اور خامیاں دونوں سامنے آئیں۔ ہزار خوبیوں کی ایک خوبی یہ ہے کہ رسائل و جرائد کے اشاریوں کی اشاعت سے اہلِ علم نے کتب خانوں میں متعلقہ رسائل و جرائد کی تلاش شروع کر دی ہے، اس کے نتیجے میں کتب خانوں کے شعبہ ہائے جرائد متحرک ہو گئے ہیں، رسائل کی حفاظت پر توجہ بڑھ گئی ہے اور کتب خانوں کے مہتمم اپنی ناقص مجلدات کو مکمل کرنے میں لگ گئے ہیں۔ کسی رسالے کے اشاریے کا بنیادی

مقصد تو یہ ہے کہ اس کی مجلدات میں جو کچھ شائع ہوا ہے، وہ سب کچھ مختصر وقت میں معلوم کیا جائے۔ ضرورت مند قاری بیسیوں اور بعض اوقات سیکڑوں پرچوں کی ورق گردانی سے بچ جائے اور اسے زیادہ وقت صرف کیے بغیر معلوم ہو جائے کہ کسی رسالے / جریدے میں اُس کے لیے کوئی مفید مطلب لوازمہ دستیاب ہے یا نہیں؟ اور مثبت جواب کی صورت میں وہ فوراً متعلقہ شمارے تک پہنچ جائے۔ مرتبین اشاریہ میں ایک بڑی تعداد کتب خانوں کے منتظمین کی ہے وراِن کے ہاں کتاب کی تلاشِ مصنف، عنوانِ کتاب اور موضوع کے حوالے کی جاتی ہے، اور یہی معیاری طریقہ ہے''

(نوٹ: درج بالا وضاحت خصوصاً ''مجلات کی اشاریہ سازی'' کے حوالے سے ہے تاہم اس سے تحقیقی اشاریہ بندی کی عمومی اہمیت وافادیت بھی عیاں ہوتی ہے)

[ششماہی نقطہ نظر، مشمولہ: ابتدائیہ، تحریر: ڈاکٹر سفیر اختر، شمارہ: ۳۱، انسٹی ٹیوٹ آف پالیسی سٹڈیز، اسلام آباد، اکتوبر ۲۰۱۱ء - مارچ ۲۰۱۲ء]

ڈاکٹر سلیم اختر کے مطابق کتابیات اور اشاریات، تحقیق کی اساس

''آلاتِ تحقیق میں خاصہ تنوع ہے مگر کتابیات اور اشاریہ بلحاظ اہمیت دیگر ''آلات'' پر اس بنا پر فوقیت رکھتے ہیں کہ بڑی حد تک تحقیق کی اساس کتابیات پر استوار ہوتی ہے جب کہ اشاریہ متن میں درج شخصیات، کتب اور مقامات کے حوالوں کے لیے کلید کا کردار ادا کرتا ہے اگرچہ تحقیق، اس کی اہمیت اور حدود وامکانات سے ناواقف حضرات کتابیات اور اشاریہ سازی کو طنزاً قینچی اور گوند کا کام بلکہ کارنامہ قرار دیتے ہیں لیکن اہلِ تحقیق ان آلات کی ضرورت واہمیت سے آگاہ ہیں اسی لیے ہر عہد میں ایسے محنتی بلکہ مشقتی حضرات (افراد) مل جاتے ہیں جو اس نوع کے کاموں میں ہی مسرت حاصل کرتے ہیں.......کتابیات کی ترتیب آسان کام نہیں، حصولِ مواد کے لیے نہ جانے کتنے دروازوں پر دستک دینی پڑتی ہے، کتنی چوکھٹوں کو سلام کرنا پڑتا ہے اور کتنی گرد پھانکنی پڑتی ہے تب کہیں جا کر معیاری اور قابلِ اعتبار کتابیات ترتیب پاتی ہے.....میں ذاتی طور پر کتابیات، اشاریہ سازی اور ان سے ملتے جلتے کاموں کو ''سبیل'' سمجھتا ہوں، تپتی دھوپ میں راہ گیر راستہ پر ''سبیل'' سے پیاس بجھا نا، تازہ دم ہوتا اور دُعا دیتا آگے بڑھ جاتا ہے۔ اسی طرح اشاریہ اور کتابیات مستقبل کے محققین، ادبی مؤرخین، ناقدین اور تھیسس قلم بند کرنے والے طالب علموں کے لیے بھی سبیل کا کام کرتے ہوئے علمی تشنگی رفع کرتی ہے''

[اشاریہ سرسید، عائزہ قریشی، ص: ۱۱، ۱۲ (دیباچہ)، عاکف بک ڈپو، دریا گنج، نئی دہلی، انڈیا، ۲۰۰۵ء / الفیصل، اردو بازار، لاہور، پاکستان، ۲۰۰۳ء]

سید صبیح الدین (صبیح رحمانی) کے مطابق اشاریے محققین کے لیے سہولت

''تحقیق وتلاش کا کام علمی جستجو رکھنے والے اصحاب کو شب وروز پیش رہتا ہے۔ کسی موضوع پر یہ جاننے کے لیے کہ ماضی میں کہاں کہاں اور کون کون سی کتاب میں اس موضوع پر قلم فرسائی کی گئی ہے کتابوں کے دفتر کے دفتر کھنگالنے پڑتے ہیں تب کہیں گوہرِ مقصود ہاتھ آتا ہے۔ لیکن اس عمل میں وقت بہت صرف ہوتا ہے اسی لیے اہلِ تحقیق نے اشاریے مرتب کرنے کی بنا ڈالی تاکہ بعد کے راہروان اشاریوں کی مدد سے برسوں کی تلاش وتحقیق سے لمحوں میں استفادہ کرسکیں۔ یقیناً یہ آسانیاں ہمیں کسی اشاریہ ساز کی محنتِ شاقہ کے نتیجے میں میسر آتی ہیں۔ بقولِ عزیز احسن:

اک شجر دھوپ کی آغوش میں پاتا ہے نمو ۔۔۔ اور پھر بانٹتا رہتا ہے مسلسل سایہ

[اشاریہ نعت رنگ (شمارہ ۱ تا ۲۰)، مرتب: محمد سہیل شفیق، ص: ۱۸ (حرفے چند)، نعت ریسرچ سنٹر، کراچی، اشاعتِ اوّل: مارچ ۲۰۰۹ء]

ڈاکٹر سید عزیز الرحمٰن کے مطابق مشینی دور میں قوتِ کار بڑھانے کے لیے اشاریہ کی تحقیقی ضرورت

''آج کا دور فہارس اور اشاریوں کا دور ہے۔ تیز رفتار زندگی اور مسائلِ حیاتِ انسانی نے انسان سے وقت کی برکت اور حفظ کی قوت دونوں چھین لی ہیں۔ آج کا انسان وقت بچانے اور قوتِ کار بڑھانے کے لیے مشینوں کے ساتھ ساتھ طرح طرح کے اشاریوں کا سہارا لینے پر مجبور ہے۔ اس ضرورت نے عرصہ ہوا اہلِ علم کو تحقیقی علمی کتب کی اشاریہ سازی کی جانب متوجہ کیا۔ چنانچہ خود اردو زبان میں مختلف النوع اشاریوں اور فہارس کا وقیع ذخیرہ موجود ہے، جو اہلِ علم کے لیے علمی کتب کے ساتھ ساتھ مختلف علوم وفنون کی کلید کا درجہ رکھتا ہے، جس سے استفادہ کرکے خصوصاً اہلِ تحقیق اپنا قیمتی وقت بچاتے ہیں اور ہزاروں صفحات کی گردانی کی زحمت سے محفوظ رہتے ہیں''

[جامع اشاریہ مضامینِ قرآن، ڈاکٹر اطہر محمد اشرف، ج: ۱، ص: ۱۷ (ایک تحقیقی کاوش)، شیخ زاید اسلامک ریسرچ سنٹر، جامعہ کراچی، کراچی، ۱۴۳۴ھ]

ڈاکٹر سید محمد عبداللہ کے مطابق اشاریہ بنی کے بغیر تحقیق نامکمل

"تحقیقی کاموں میں دل چسپی رکھنے والے اصحابِ علم اور ریسرچ سکالروں کو یوں تو بہت سی مشکلات پیش آتی ہیں لیکن سب سے بڑی مشکل یہ ہے کہ اول تو تحقیقی مواد تک ان کی رسائی نہیں ہو پاتی۔ دوئم ان کو اس کا بھی علم نہیں ہو پاتا کہ ان کے مفید مطلب مواد کہاں کہاں ہیں جن تک رسائی کے بغیر ان کی تحقیق نامکمل رہے گی (ایسے میں اشاریہ ان کی رہنمائی و معاونت کرتا ہے مگر) ہمارے ہاں اشاریہ سازی کا کام آٹے میں نمک کے برابر ہے"

[اشاریہ صحیفہ، محمد عبداللہ، ص: ۲۳، لاہور]

ڈاکٹر صاحب زادہ انوار احمد بگوی کے مطابق اشاریے کا علم و تحقیق میں آناً فاناً مقناطیسی کردار

"مغرب نے آگے بڑھنے کے عمل کو یوں تقویت دی ہے کہ پچھلے سارے علمی، فنی اور تحقیقی اثاثوں کو جدید کمپیوٹر ٹیکنالوجی کے ذریعے محفوظ، مدون اور منضبط کر دیا ہے۔ اس کام میں انٹرنیٹ کے سرچ انجن، دوائر معارفِ علمیہ اور کتابیات و انڈیکس کے آلات (Tools) شامل ہیں..... علمی کتابوں، رسالوں اور تحریروں کو محفوظ کرنے کا ایک جدید طریقہ یہ بھی ہے کہ ان کے تمام مندرجات کو ان کے عناوین کے مطابق اشاریہ سازی کے ذریعے مدون کر دیا جائے۔ اس طریقہ سے تمام مطبوعہ مواد تک فوری اور سیدھی رسائی آسان ہو جاتی ہے۔ عنوان اور موضوع کے لحاظ سے مواد ترتیب وار، ایک نظم اور ایک سلیقہ سے مرتب ہو جاتا ہے۔ تحقیق و تلاش کے لیے کتابوں اور رسالوں کے ڈھیر میں سے سوئی کی تلاش کی بجائے اشاریہ کی مقناطیسی مدد سے گوہرِ مقصود آناً فاناً مل جاتا ہے۔ یہ "سرخ لائٹ" مصنف و مؤلف کے نام، اشاعت کے سال، مہینہ، موضوع اور اس کے تحت مضمون، رسالے کے صفحات اور دیگر علامات کی مدد سے اپنا مطلوبہ ہدف تلاش کر سکتا ہے۔ اشاریہ دستیاب نہ ہو تو مضمون یا مضمون نگار کو ڈھونڈنے کا یہ کام گھنٹوں اور دنوں میں شاید ممکن نہ ہو سکے۔ گویا سالہا سال کی مدت اور صدہا شماروں اور ہزاروں صفحوں میں منتشر معلومات کو اشاریہ کی کتاب میں چند منٹوں میں ڈھونڈا جا سکتا ہے۔ یہ ذخیرہ کمپیوٹر یا USB میں ہو تو ایک کلک کے فاصلے پر مل جاتا ہے...... قدیم رسالوں کی اشاریہ سازی سہل نہیں ہے۔ یہ اصل میں دماغ سوزی اور باریک بینی کا کام ہے۔ بکھرے موتیوں کو ان کے رنگ، روپ اور سائز کے مطابق ایک لڑی میں پرونا کارے دارد"

(نوٹ: درج بالا اقتباس میں اشاریہ سازی کی عمومی علمی و تحقیقی اہمیت کے ساتھ ساتھ "مجلات کی اشاریہ سازی" کی افادیت بھی زیر بحث لائی گئی ہے)

[اشاریہ برہان دہلی، مرتب: محمد شاہد حنیف، ص: ۱۲ (ماہنامہ برہان "اشاریے" میں)، اوراقِ پارینہ پبلشرز، لاہور]

پروفیسر ظفر الاسلام اصلاحی کے مطابق اشاریہ دورِ جدید میں مطالعہ و تحقیق کا اہم ذریعہ

"جدید دور میں مخصوص موضوعات پر کتابیات اور کتب و رسائل کے اشاریے مطالعہ و تحقیق کے اہم ذرائع بن گئے ہیں۔ ان کی وجہ سے کسی خاص موضوع پر مواد کی تلاش و فراہمی میں کافی آسانی ہو جاتی ہے۔ در حقیقت یہ فن بھی مسلمانوں کا ایجاد کردہ ہے اور عہدِ وسطیٰ کی یادگار ہے۔ یہ اور بات ہے کہ علم کے تحفظ و ترسیل کے نئے ذرائع نے کتابیات کی ترتیب و تالیف اور اشاریہ سازی کے فن کو کافی ترقی دے دی ہے۔ اس حقیقت سے بھی صرفِ نظر نہیں کیا جا سکتا کہ رسائل و مجلات کے اشاریوں سے نہ صرف مطالعہ و تحقیق کی راہیں ہموار ہوتی ہیں بلکہ رسائل کا علمی خزانہ منصۂ شہود پر آتا ہے اور اس سے ان کی قدر و قیمت اور واضح ہو جاتی ہے۔ مزید براں مدیرانِ گرامی و منتظمین کو رسائل میں شائع شدہ مواد کی نسبت سے احتساب کا موقع بھی مل جاتا ہے۔ موجودہ حالات میں جب کہ پڑھنے اور ورق گردانی کا رجحان کم سے کم ہوتا جا رہا ہے اور محققین و سکالرز کم سے کم وقت میں اپنا تحقیقی کام مکمل کرنے کی فکر و کوشش میں لگے رہتے ہیں 'اشاریہ جات کی افادیت اور زیادہ بڑھ گئی ہے۔ بلاشبہ اُن رسائل کے اشاریوں کو زیادہ اہمیت دی جاتی ہے جو معیاری و تحقیقی مضامین پر مشتمل ہوتے ہیں اور جنہیں بلا تکلف ماخذ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے یا جا سکتا ہے"

[اشاریہ معارف (جولائی ۱۹۱۶ تا دسمبر ۲۰۱۱ء)، ترتیب: جمشید احمد ندوی، ج: ۱ (بہ اعتبار مضامین)، ص: ۹ (ابتدائی کلمات)، دار المصنفین، شبلی اکیڈمی، علی گڑھ، انڈیا، ۲۰۱۲ء]

ڈاکٹر ظہور الدین احمد کے مطابق محققین کا قیمتی وقت بچانے میں اشاریوں کا کردار

"آج کل کے تیز رفتار زمانے میں ہر کام کو تیزی سے سرانجام دینے کا رجحان ہر جگہ کار فرما ہے۔ ہاتھ سے لکھنے کے بجائے مشین سے کام لیا جاتا ہے۔

کسی دستاویز کو نقل کرنے کے بجائے فوٹوسٹیٹ مشین سے نقل بنوا کر رکھی جاتی ہے۔ رسل و رسائل کی بجائے، جو بیرونی ممالک میں تاخیر سے پہنچتے ہیں، اب ٹیلیکس اور فیکس کے توسط سے فوری پہنچائے جاتے ہیں۔ اسی طرح محققین کے لیے کسی ضخیم مجموعہ کلام سے شعر تلاش کرنے میں کافی وقت تلف ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے، اس لیے وقت بچانے کے لیے اشاریے کا سہارا لیا جاتا ہے۔ کم سے کم وقت میں اصل شعر تک پہنچنے میں مدد ملتی ہے۔ آج کل علمی و تحقیقی کتابوں کے آخر میں انڈکس (اشاریہ) کا ہونا لازمی ہو گیا ہے کیونکہ اس کے بغیر کتاب مطبوعاتی اعتبار سے ناقص شمار ہوتی ہے"
(یہ تعریف اپنے زمانے وفن کے اعتبار سے ہے۔ اب ٹیلیکس و فیکس کی جگہ جدید آلات و سہولیاتِ ابلاغ و ترسیل جیسے کمپیوٹر، سمارٹ فونز، لیپ ٹاپس، ٹیبلٹس، انٹرنیٹ، ای میل، سوشل میڈیا (فیس بک، انسٹاگرام، ٹوئیٹر، سکائپ، وہاٹس ایپ، لنکڈان وغیرہ)، میسنجر، ویڈیو کالنگ وغیرہ آ گئے ہیں)
[اشاریہ کلام اقبال، مرتبہ: زبیدہ بیگم، نگران: ڈاکٹر ظہورالدین احمد، ص: ابتدائیہ (بدون صفحہ نمبر)، بزم اقبال، کلب روڈ، لاہور، اشاعتِ اوّل: مئی ۱۹۹۶ء]

ڈاکٹر عابد رضا بیدار کے مطابق ریسرچ سکالرز کی درست سمت میں رہنمائی کے لیے اشاریوں کی اہمیت

"آدمی جتنی حقیقتوں کو پالے اس کا فرض ہو جاتا ہے کہ وہ بنی نوعِ انسان کے لیے انہیں عام کرنے کی کوشش کرے تاکہ علم و اطلاع کا دائرہ وسیع تر ہو جائے اور تاکہ **تحقیق یا حق کی جستجو کرنے والے ہر وادی میں بھٹکتے نہ پھریں۔ وقت کے قیمتی سرمایہ کو بچانا، ضرورت مند کو ضروری اطلاع بسہولت بہم پہنچانا اور متعلقہ علم و فن میں حق اور صداقت کے متلاشی کو براہِ راست اور بعجلت مدد کرنا**' اس قسم کے اشاریوں سے میرا عمومی مقصد رہا ہے، اور یہاں یہ مقصد خصوصی بن گیا ہے۔ اگر یہ مقصد کسی حد تک بھی حاصل ہو گیا اور علمی تحقیق کرنے والے کچھ لوگوں کو بھی ان حوالوں سے فائدہ پہنچ گیا تو میں سمجھوں گا میری محنت اکارت نہیں گئی"
[ماہنامہ برہان کا اشاریہ (۱۹۳۸ء-۱۹۶۵ء)، ترتیب: عابد رضا بیدار، ترتیب ثانی: ڈاکٹر شائستہ خان، ج: ۱، ص: ۱۰، مکتبہ جامعہ لمیٹڈ، جامعہ نگر، دہلی، انڈیا، ۱۹۹۵ء]

پروفیسر گوپی چند نارنگ کے مطابق کتبِ حوالہ (Reference Books) میں کتابیات کا خاص مقام

"اُردو میں کتبِ حوالہ کی سخت کمی ہے۔ اگر اس بارے میں اردو کا مقابلہ دنیا کی ترقی یافتہ زبانوں سے کیا جائے تو مایوسی ہوتی ہے۔ کتبِ حوالہ میں کتابیات کا خاص مقام ہے۔ **کسی بھی علمی و تحقیقی کام کے لئے کتابیات کی حیثیت ریڑھ کی ہڈی کی سی ہے۔** کتابیات بھی کئی طرح کی اور کئی قسموں کی ہوتی ہیں۔ مطبوعات کی کتابیات، مشاہیر کی کتابیات، عمومی کتابیات، علوم کی کتابیات وغیرہ۔ اتنی بات ہر شخص جانتا ہے کہ علوم کی تعداد روز بہ روز بڑھ رہی ہے اور ان کی بیسیوں شاخیں اور سینکڑوں شقیں ہیں۔ چنانچہ ہر موضوع الگ کتابیات کا تقاضا کرتا ہے۔ صرف ادبیات ہی میں شخصیات، اصناف، ادوار، نظریات اور زبانوں کی الگ الگ کتابیات ہو سکتی ہیں۔ کسی بھی زبان کی **تمام مطبوعات کی جامع کتابیات سب سے پہلا اور بنیادی کام** ہے۔ اگر یہ کتابیات موجود نہیں تو دوسری خصوصی یا ذیلی کتابیات آسانی سے تیار نہیں ہو سکتیں"
[وضاحتی کتابیات: جلد اول ۱۹۷۶ء، پروفیسر گوپی چند نارنگ / ڈاکٹر مظفر حنفی، ج: ۱، ص: ۲۵ (دیباچہ)، ترقی اُردو بیورو، نئی دہلی، انڈیا، ۱۹۸۰ء]

ڈاکٹر محمد الیاس الاعظمی کے مطابق اشاریہ سازی کی اہمیت اور اس میں مسلمانوں کا حصہ

"ہندو پاک میں علم و تحقیق کی ترقی اور علوم اسلامی کی ترویج و اشاعت میں اردو رسائل و جرائد کا بہت اہم کردار ہے۔ ان رسائل نے مختلف موضوعات پر اپنے اپنے دائرہ اثر میں بحث و تجزیہ اور تحقیق و تدقیق کی ایک دنیا آباد کی، جس سے نہ صرف علم و تحقیق کے میدان مین گراں قدر اضافہ ہوا، بلکہ اہل قلم اور مصنفین کی ایسی جماعتیں وجود میں آئیں جنہوں نے اپنی تصنیفات و تالیفات سے قوم و ملت کی فکری تربیت کا فریضہ بھی انجام دیا.....
اشاریہ سازی میں اگرچہ بعض ترقی یافتہ زبانوں نے بڑی ترقی کی ہے، تاہم اس کی ایجاد کا سہرا اور فخر مسلمانوں کو حاصل ہے۔ فہرست ابن الندیم اور کشف الظنون وغیرہ کو ہم ابتدائی نقوش کے طور پر پیش کر سکتے ہیں۔ چونکہ مسلمانوں نے دوسرے علوم کی طرح اشاریہ سازی سے بھی کسی قدر بے اعتنائی برتی، اس لیے یورپ اس میدان میں بھی اوّلیت کا دعویٰ کر بیٹھا، حالانکہ یہ واقعیت اور صداقت کے خلاف ہے..... جہاں تک اردو زبان کا تعلق ہے اس میں کوئی شبہ نہیں کہ اردو میں اشاریہ سازی کی تاریخ بہت مختصر ہے۔ سب سے پہلا مطبوعہ اشاریہ اورینٹل کالج میگزین لاہور کا ہے،

جو ۱۹۷۰ء میں شائع ہوا۔البتہ گذشتہ ۳۵ برسوں میں اس کی طرف ضرور توجہ دی گئی ہے۔چند شخصی کتابیات، بعض موضوعاتی اور سو کے قریب رسائل کے اشاریے مرتب کیے گئے، البتہ ان میں ایک بڑی تعداد طبع واشاعت کی منزل سے نہ گذر سکی۔اسّی (۸۰) کے عشرے میں مقتدرہ قومی زبان نے ایک درجن سے زیادہ شخصی اور بعض موضوعاتی کتابیات شائع کیں۔انفرادی طور پر بھی اس کی طرف توجہ دی گئی۔ شخصی اور موضوعاتی کتابیات کے بالمقابل رسائل کے اشاریوں کی طرف زیادہ توجہ دی گئی۔اورینٹل کالج لاہور اور علی گڑھ مسلم یونیورسٹی نے متعدد رسائل کے اشاریے ایم اے اور ایم فل کے مقالے کے طور پر تیار کرائے لیکن ان میں سے بیشتر اب تک شائع نہ ہو سکے۔اس سلسلے میں خدابخش اورینٹل پبلک لائبریری کی خدمات قابل ذکر ہیں۔اس نے ملک کے متعدد مؤقر علمی اور ادبی رسائل وجرائد کے اشاریے مرتب کرائے اور انہیں بڑے اہتمام سے شائع کیا، حتی کہ رسائل کی پوری پوری فائلیں یک جا چھاپ دیں۔اس کا آغاز ڈاکٹر عابد رضا بیدار نے کیا جو اشاریہ کی تاریخ میں سنگِ میل کی حیثیت رکھتا ہے"

(نوٹ: یہ وضاحت اگرچہ زیادہ تر "مجلات کی اشاریہ سازی" کے حوالے سے ہے تاہم اس سے اشاریہ بندی کی اسلامی تاریخ اور تحقیقی افادیت عیاں ہوتی ہے)

[سہ ماہی تحقیقات اسلامی، مشمولہ: اسلامیات کے چند اہم اردو رسائل وجرائد کے اشاریے، تحریر: ڈاکٹر محمد الیاس الاعظمی، جلد: ۲۵، شمارہ: ۴(اشاعتِ خاص)، ص: ۳۹-۴۰، ادارہ تحقیق وتصنیف اسلامی (ITTI)، پان والی کوٹھی، دودھ پور، علی گڑھ، بھارت، اکتوبر تا دسمبر ۲۰۰۶ء]

2

ڈاکٹر حافظ محمد سہیل شفیق کے مطابق اشاریہ کی اہمیت اور مرکزِ اشاریہ سازی، IIUI کا قیام ایک خوش آئند آغاز

"علمی وتحقیقی سرگرمیوں کے فروغ اور زیرِ تحقیق موضوع سے متعلق مواد کی بہ آسانی تلاش کے سلسلے میں اشاریوں کی اہمیت وافادیت مسلّم ہے۔ دنیا بھر میں کئی ایسی تنظیمیں، ادارے اور مراکز قائم ہو چکے ہیں جو علمی وتحقیقی جرائد کے اشاریے تیار کرتے ہیں اور ان اشاریوں میں شامل ہونے والے جرائد معتبر ومستند مانے جاتے ہیں۔تاہم ہنوز ایسے ادارے کی کمی محسوس کی جارہی تھی جو بطورِ خاص اردو کے علمی وتحقیقی جرائد کا اشاریہ مرتب کرتا ہو اور اردو کے محققین کو سہولت اور رہنمائی فراہم کرتا ہو۔یہ امر خوش آئند ہے کہ شعبۂ اردو، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد کے زیرِ اہتمام ۲۰۱۴ء سے ایک مرکزِ اشاریہ سازی قائم کیا گیا ہے جس کے تحت اردو کے تحقیقی مجلات کا سالانہ اشاریہ تیار کیا جائے گا"

[ششماہی الایام، مشمولہ: مطبوعاتِ جدیدہ (نئی کتابوں اور رسالوں کا مختصر تعارف)، تحریر: ڈاکٹر حافظ محمد سہیل شفیق، ج: ۶، ش: ۱، مسلسل عدد: ۱۱، ص: ۳۱۶، مجلس برائے تحقیق اسلامی تاریخ وثقافت (Society for Research in Islamic History & Culture)، گلستانِ جوہر، کراچی، جنوری تا جون ۲۰۱۵ء]

پروفیسر ڈاکٹر محمد نعمان خان کے مطابق اشاریہ سازی بظاہر آسان نہیں مگر آسان نہیں اور اس کی حیثیت تحقیق سے کم نہیں

"تحقیقی امور میں اشاریہ سازی کی اہمیت مسلّم ہے۔اشاریے محققین کو متعلقہ موضوع پر ضروری معلومات اور وضاحتی مواد ہی فراہم نہیں کرتے بلکہ انہیں تضیعِ اوقات سے محفوظ رکھتے ہیں۔اشاریہ سازی کا کام بظاہر آسان نظر آتا ہے، لیکن اس کی حیثیت تحقیق سے کم نہیں۔اشاریے کو انگریزی میں Index کہتے ہیں۔اردو میں اشاریے کی روایت انگریزی سے ہی آئی ہے"

[سرمایۂ ادب (پروفیسر عبدالقوی دسنوی کی مطبوعات کا اشاریہ)، ڈاکٹر محمد نعمان خان، ص: ۶ (اپنی بات)، دبستانِ بھوپال، کنوری، بھوپال، انڈیا، ۲۰۰۸ء]

پروفیسر ڈاکٹر معصوم یسین زئی کے مطابق ریسرچ سکالرز کو تکرارِ تحقیق سے بچنے کے لیے کتابیات کا عمیق جائزہ لینا لازمی امر

"کتابیات کو جدید دورِ علم وتحقیق میں ایک کلید (Key) کا درجہ حاصل ہے۔قابل محققین کسی موضوعِ تحقیق کے انتخاب کے لیے سب سے پہلے اس موضوع پر کسی لائبریرین یا محقق استاد کی مرتب کردہ کتابیات کا عمیق جائزہ لینا ضروری سمجھتے ہیں تاکہ وہ کسی ایسے موضوع کا انتخاب نہ کر بیٹھیں جس پر پہلے ہی بہت زیادہ کام ہو چکا ہو"

[حضرت محمد ﷺ: منتخب کتابیات اردو کتب ومقالات، شیر نوروز خان، ص: ۴-۵ (پیش لفظ)، قرآنی مرکزِ مطالعہ وسیرت لائبریری، IRI، IIUI، اسلام آباد]

پروفیسر محمد یونس جنجوعہ کے مطابق اشاریہ سازی مصنف اور محقق کے لیے بڑی سہولت

"کتابوں کی نسبت رسالوں کی اہمیت زیادہ ہے کہ رسالے تاریخی یا مذہبی معلومات کے علاوہ حالاتِ حاضرہ کے مسائل پر بھی اظہارِ رائے کرتے

ہیں۔ چنانچہ کسی پرانے رسالے کو اٹھا کر دیکھیں تو اس سے اس وقت کے حالات اور ماحول کی تصویر سامنے آ جاتی ہے..... جب علم کو وسعت ملی تو تحقیق کا جذبہ پیدا ہوا۔ اس جذبے کی آب یاری کے لیے پرانی تحریروں سے استفادہ ضروری ٹھہرا۔ گویا لوازماتِ تحقیق میں اشاریہ سازی کی ضرورت محسوس کی گئی۔ اس ضرورت نے رسالوں کی اشاریہ سازی کو متعارف کرایا۔ اس طرح مصنف اور محقق کے لیے آسان ہو گیا کہ وہ تھوڑے وقت میں متعلقہ معلومات کے لیے پچھلے شائع شدہ رسالوں میں ضرورت کے مضامین سے فائدہ اٹھالے اور اس کے لیے ضخیم کتابوں کا مطالعہ ضروری نہ رہے۔ چنانچہ بیشتر رسالوں کے اشاریے تیار ہو گئے"

[سہ ماہی حکمت قرآن، مشمولہ: تعارف و تبصرہ، تحریر: محمد یونس جنجوعہ، ج:۳۵، ش:۳، ص:۷۱، مرکزی انجمن خدام القرآن، لاہور، جولائی تا ستمبر ۲۰۱۶ء]

ڈاکٹر معین الدین عقیل کے مطابق اشاریہ کا مقصد: معروف ترین مشینی زندگی میں قارئین کے لیے سہولت

"اشاریہ کا مقصد قاری کے سامنے کتاب یا کتابوں کی پوری ضروری معلومات فراہم کرنا ہوتا ہے۔ یہ دراصل ہماری آج کی معروف اور مشینی زندگی کا تقاضہ ہے۔ اس سہولت کے پیشِ نظر جو قارئین کو حاصل ہوتی ہے"

[اشاریہ کلامِ فیض، ڈاکٹر معین الدین عقیل، ص:۷ (معروضات)، ادارہ یادگارِ غالب، ناظم آباد، کراچی، اکتوبر ۱۹۷۷ء]

پروفیسر نذیر احمد کے مطابق فہارس۔ تحقیقِ متن کا لازمی جزو

"فہرستیں، تحقیقِ متن کا ضروری جزو ہیں... ان کی ضرورت عام ہے اور ان کے فوائد سے ہر شخص بخوبی واقف ہے، البتہ ان کی تیاری میں جو توجہ درکار ہوتی ہے، اس کی طرف سے عموماً غفلت برتی جاتی ہے۔ دراصل فہرستوں کی تیاری میں خاصا علم درکار ہوتا ہے۔ عام طور پر اس کا احساس کم ہوتا ہے"

[تصحیح و تحقیقِ متن، پروفیسر نذیر احمد، ص:۸۹، ادارہ یادگارِ غالب، ناظم آباد، کراچی، ۲۰۰۰ء]

ڈاکٹر نسرین شگفتہ کے مطابق قارئین اور محققین کے لیے اشاریہ کی اہمیت

"اشاریہ کسی کتاب، اخبار یا رسالے کا چاہے وہ برقی ہی کیوں نہ ہو مرتب کیا جا سکتا ہے۔ اس کی موجودگی سے کسی کتاب یا رسالہ کی افادیت میں اضافہ ہوتا ہے۔ اشاریہ کے شائع ہونے سے طالب علم، قارئین اور محققین (Research Scholars) کو اپنے مطلوبہ مواد کے حصول میں سہولت ہو جاتی ہے۔ کتاب معیاری تصور کی جاتی ہے"

[سہ ماہی صدائے لائبریرین: صنفی اشاریہ (اپریل ۲۰۱۴ء تا دسمبر ۲۰۱۷ء)، ڈاکٹر نسرین شگفتہ، ص:۵ (ابتدائیہ)، صدائے لائبریرین پبلشرز، لاہور، ۲۰۱۷ء]

ڈاکٹر نگار سجاد ظہیر کے مطابق ریسرچ سکالرز کے لیے اشاریہ کی ناگزیر اہمیت

"اشاریہ سازی اب باقاعدہ فن کی شکل اختیار کر چکی ہے۔ یہ کام اہم بھی ہے اور وقت طلب بھی۔ اشاریے محققین کے لیے تازہ ہوا اور صاف پانی کی مانند ضروری ہوتے ہیں۔ اشاریہ نگار کا کام بڑا صبر آزما اور عرق ریزی کا ہے۔ مال بھی کھپانا پڑتا ہے اور جان بھی"

[اشاریہ معارف اعظم گڑھ: جولائی ۱۹۶۱ء تا جون ۲۰۱۵ء، مرتب: محمد سہیل شفیق، نگران: ڈاکٹر نگار سجاد ظہیر، ص:۱۸ (مقدمہ)، قرطاس، کراچی، ۲۰۱۴ء]

ڈاکٹر ہمایوں عباس شمس کے مطابق اشاریہ لوازماتِ تحقیق کا اہم لازمہ اور تحقیق کو معتبر بنانے کا ایک ضروری وسیلہ

"علمی دنیا میں تحقیق ایک ایسا شعبہ ہے جس کا بنیادی مقصد پیش آنے والے نئے مسائل کا حل تلاش کرتے ہوئے اس کے انسانی زندگی پر اثرات کا جائزہ لینا ہے۔ لوازماتِ تحقیق میں طریقہ تحقیق، حصولِ مواد اور ذرائع حصولِ مواد کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔ کسی بنیادی سوال کے حل سے پہلے اس پر موجود مطبوعہ و غیر مطبوعہ مواد کے بارے میں معلوم ہونا ضروری ہے۔ اگر موضوع کے متعلق وہ کام جو پہلے سے ہو چکا ہے اس کی معلومات نہ ہوں گی تو تحقیق ادھوری رہ جائے گی..... لوازماتِ تحقیق میں "اشاریہ سازی" ایک ایسا لوازمہ ہے جس کے بغیر نئی تحقیق سے وہ مقصد حاصل نہیں ہوگا جس مقصد کے لیے بنیادی تحقیقی سوال اٹھایا گیا تھا۔ اسی لیے اشاریہ تحقیق کو معتبر بنانے کا ایک ناگزیر وسیلہ ہے۔ موجودہ دور علمی ترقی کا دور ہے۔ ایم فل اور پی ایچ ڈی کی تعلیم کے حصول کی طرف بڑھتے ہوئے رجحانات کی وجہ سے عنوانات کم ہو رہے ہیں ان حالات میں اشاریہ سے

امداد ناگزیر ہو گئی ہے۔ یہ ریسرچ کے حوائل کو حل کرنے کے ساتھ ساتھ ایک بنیادی خاکہ بھی فراہم کرتے ہیں جس کو اپنا کر پیدا ہونے والے مسئلے کا حل تلاش کیا جاسکتا ہے"

[اشاریہ برہان دہلی، مرتب: محمد شاہد حنیف، ص: ۲۱ (ماہنامہ "برہان" دہلی کا اشاریہ)، اوراقِ پارینہ پبلشرز، لاہور]

ڈاکٹر یونس اگاسکر کے مطابق اشاریہ سازی' قابلِ تحسین کام

"ادبی تحقیق میں اشاریہ سازی کی اہمیت مسلم ہے۔ اردو میں تحقیقی کتابوں میں بھی اشاریے کی موجودگی حیران کن مسرت سے دوچار کرتی ہے ایسے میں رسالوں کے اشاریوں کی ترتیب و تشکیل کا کام یقیناً قابلِ تحسین قرار پائے گا"

[اشاریہ دل گداز (۱۸۸۷ء سے ۱۹۱۸ء تک)، محمد قمر سلیم، ج: ۱، ص: ۹ (پیش لفظ)، مکتبہ جامعہ لمیٹڈ، جامعہ نگر، نئی دہلی، انڈیا، اشاعتِ اوّل: ستمبر ۲۰۰۳ء]

اختر النساء کے مطابق اشاریوں اور وضاحتی فہرستوں کی تحقیقی اہمیت

"اشاریہ تحقیق کی ایک اہم منزل ہے۔ یہ ایک ایسی باضابطہ مرتب فہرست ہوتی ہے جو ہر اندارج کے بارے میں معلومات فراہم کرتی ہے۔ لہٰذا اس کی ترتیب و تیاری میں خصوصی توجہ اور فکر و نظر کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس تکنیکی کام کی وجہ سے حوالوں کے نظام میں ترتیب آتی ہے۔ بکھری ہوئی معلومات کو یکجا کرنے اور قاری کو مطلوبہ مواد کی تلاش و رہنمائی میں بھرپور مدد ملتی ہے...... موجودہ عہد میں اشاریہ سازی کی بڑی اہمیت ہے۔ ہر نیا دن نئی معلومات لے کر منظرِ عام پر آتا ہے۔ کتب و مقالات کا وافر مقدار شائع ہوتا رہتا ہے۔ مختلف علمی، ادبی اور تحقیقی مجلوں میں سینکڑوں مقالات کا شائع شدہ لوازمہ توجہ کا باعث بنتا ہے۔ اس وسیع و وافر ذخیرے سے کوئی تحقیق کار کسی خاص موضوع کے متعلق لوازمہ کیسے تلاش کرے، اس کا ایک ہی طریقہ ہے کہ تمام کتب و مقالات کی بار بار ورق گردانی کی جائے۔ لیکن اس کام میں محقق کا بہت سا وقت صرف ہو جاتا ہے۔ ایسے موقع پر مختلف النوع اشاریے اور وضاحتی فہرستیں محقق کی دستگیری کرتے ہیں جن کی مدد سے وہ ادھر ادھر بھٹکنے سے بچ جاتا ہے۔ سہولت و آسانی کے ساتھ نسبتاً کم وقت میں اپنے مطلوبہ مواد تک پہنچ جاتا ہے۔"

[اشاریہ اقبالیات (اردو، انگریزی، فارسی، عربی، ترکی): ۱۹۶۰ء-۱۹۹۴ء، مرتبہ: اختر النساء، ص: ۵ (دیباچہ)، اقبال اکادمی پاکستان، لاہور، ۱۹۹۸ء]

امتیاز احمد کے مطابق اشاریہ سازی کی تحقیقی افادیت

"اشاریہ سازی جدید لائبریری سائنس کی اہم خصوصیات میں شامل ہے۔ اس کی افادیت بھی اظہر من الشمس ہے۔ محققین اور طالبانِ علم کے لیے یہ ایک رہنما کے طور پر انتہائی مددگار ثابت ہوتی ہے"

[اشاریہ خدا بخش لائبریری جرنل (۱۰۱-۱۵۰)، ص: ۵ (حرفِ آغاز)، خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ-۴، انڈیا، ۲۰۰۸ء]

انور معظم کے مطابق کتابیات، فہارس اور اشاریہ سازی' تحقیقاتی اوزار سازی

"انسانی تہذیب کی تاریخ بتاتی ہے کہ کسی معاشرے کی سماجی، معاشی، تہذیبی، ذہنی اور روحانی ترقی کا تمام تر دار و مدار اس بات پر ہے کہ وہ معاشرہ اپنی تمام سطحوں پر کس قدر باعلم ہے۔ علوم اور ان کے توسط سے علم کو معاشرے کی ہر سطح تک پہنچانا، معاشرے کی تنظیم و ترقی کے ذمہ دار افراد کا فرض ہے۔ اس عظیم و کثیر پہلو عمل کا ایک اہم جزو تحریر کردہ مواد کی ترتیب، تہذیب اور درجہ بندی ہے۔ اس کام کے لئے تحقیقاتی اوزار سازی کی ضرورت پڑتی ہے۔ جیسے کتابیات، فہارس، رسائل کے اشاریے اور ڈیٹا بیس (Database)"

[وضاحتی اردو کتابیات (عمرانی علوم)، انور معظم / اشہر فرحان، جلد: ۱، ص: ix (مقدمہ)، ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، دہلی، انڈیا، ۲۰۰۸ء]

بلقیس بیگم کے مطابق دشوار گزاریوں سے بچنے کی خاطر ریسرچ سکالرز کے لیے اشاریہ کی اہمیت

"کسی ملک یا قوم کی ترقی کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ اس ملک یا قوم کے افراد میں تحقیقی کاموں سے کتنی دل چسپی ہے اور اس میدان میں آگے بڑھنے کی رفتار کیا ہے؟ یہ تحقیقی کاموں کا ہی نتیجہ ہے کہ آج انسان چاند پر گھر بنانے کی سوچ رہا ہے۔ اگر یہ کہا جائے کہ تحقیق ہماری زندگی کو

آگے بڑھانے اور ترقی کی راہ پر گامزن کرنے میں ایک اہم کردار نبھاتی ہے تو غلط نہ ہوگا..... لیکن تحقیق ایک دشوار گزار عمل ہے۔اس میں محقق کو اپنے موضوع کے مطابق مواد کی تلاش میں ادھر ادھر بھٹکنا پڑتا ہے، کافی دوڑ دھوپ کرنی پڑتی ہے اور مختلف کتب خانوں کی خاک چھاننی پڑتی ہے۔ مختلف کتابوں اور رسالوں کی ورق گردانی کرنی پڑتی ہے۔ان سب میں محقق کا وقت ہی خرچ نہیں ہوتا بلکہ اس کی توانائی بھی کافی صرف ہوتی ہے۔ انہی دشواریوں سے بچنے کے لیے 'علمِ اشاریہ' عالمِ وجود میں آیا" [اشاریہ روحِ ادب، مرتبہ: بلقیس بیگم، ص: دیباچہ (بدون صفحہ نمبر)، کلکتہ انڈیا، ۲۰۰۴ء]

حسین صحرائی کے مطابق اشاریہ سازی کی اہمیت اور جامعات کو اشاریہ سازی کے لیے خصوصی اقدامات کی تجویز

"تحقیق کے صبر آزما مراحل کو اشاریہ (توضیحی فہرست) کی مدد سے باسانی طے کیا جاسکتا ہے۔ علم و ادب کے کسی بھی موضوع پر تحقیق کی جائے، اشاریہ (توضیحی فہرس) لازمی ماخذ کی صورت میں سامنے آتا ہے۔ اشاریہ سازی بظاہر آسان لیکن انتہائی مشکل کام ہے۔ اس میں دل سوزی، بالغ نظری، مسلسل محنت و ریاضت کے ساتھ صبر و تحمل سے کد و کاش کی ضرورت ہوتی ہے۔ علمی و ادبی رسائل میں متنوع مضامین شائع ہوتے ہیں۔ ان رسائل کی اشاریہ سازی کٹھن اور صبر آزما کام ہے۔ پھر ہمارے معاشرے میں ادبی ذوق جس نہج پر ہے، وہ حوصلہ افزا نہیں، حوصلہ شکن ہے۔ اسے ذمہ داری کے ساتھ مرتب کرنا فروغِ علم کا ایک اہم ترین پہلو ہے۔ اہلِ علم نے اشاریہ سازی کی تحسین کی ہے اور اس کی علمی افادیت کو تسلیم کیا ہے۔ عصر حاضر میں مغرب میں ہر موضوع پر جامع اشاریے بآسانی دستیاب ہیں۔ ہمارے ہاں اس کے برعکس صورتِ حال ہے۔ اگر کوئی پتہ ماری کر کے کوئی فہرست مرتب کر بھی لے، تو اشاعت کے لیے کوئی ناشر آمادہ نہیں ہوتا۔ حتیٰ کہ جس رسالہ کا اشاریہ مرتب کیا جائے وہ بھی اسے اپنے صفحات میں جگہ نہیں دیتا۔ ملک کی جامعات کو اردو ادب کے حوالے سے ایسی فہرستوں کی تیاری و اشاعت کے حوالہ سے طلبہ کی حوصلہ افزائی کیلئے خصوصی اقدامات اٹھانے چاہئیں تاکہ علم و ادب کے جواہر ریزے، جو مختلف رسائل، روزناموں کی فائل میں بند پڑے ہیں، ان تک عام رسائی ہو سکے"

(نوٹ: درج بالا وضاحت میں اشاریہ سازی کی عمومی علمی و تحقیقی اہمیت و افادیت کے ساتھ ساتھ مجلات کی اشاریہ بندی پر بھی خصوصی روشنی ڈالی گئی ہے)

[ماہنامہ المنبر، مشمولہ: تالیفاتِ ضیاء - فروغِ علم میں معاون، تحریر: حسین صحرائی، ج: ۵۸، ش: ۷، ص: ۵۴-۶۰، کلو میٹر، شارع اشرف، فیصل آباد، جون ۲۰۱۲ء]

خواجہ رضی حیدر کے مطابق کتب و رسائل کی اشاریہ سازی، تحقیقی ضرورتیں پوری کرنے کے لیے ضروری

"علمی و تحقیقی کتب کی اشاریہ سازی کے بعد رسائل و جرائد میں شامل مواد و مضامین فی صرف یہ کہ مستقل نوعیت کے ہوتے ہیں بلکہ تحقیقی ضرورتوں کو بھی پورا کرتے ہیں۔ یورپ و امریکہ میں رسائل و جرائد کے علاوہ اخبارات کی بھی اشاریہ سازی کی جاتی ہے اور کسی محقق کو اپنے موضوع سے متعلق مواد کی تلاش میں اخبارات و رسائل کے مکمل فائلوں کی جانچ پڑتال نہیں کرنا پڑتی 'وہ اشاریہ کی رہنمائی میں اپنے مطلوبہ مواد تک باسانی پہنچ جاتا ہے"

(نوٹ: اس اقتباس میں اشاریہ سازی کی عمومی اہمیت کے ساتھ ساتھ مجلات کی اشاریہ بندی کی افادیت بھی بیان کی گئی ہے)

[اشاریہ ضیائے حرم، عابد حسین شاہ، ص: ۱۳ (کچھ اشاریے کے بارے میں)، خیابان کرم، کری روڈ، چک شہزاد، اسلام آباد / مطبوعہ کراچی، ۱۹۹۷ء]

رفیع الدین ہاشمی کے مطابق کتابیات اور اشاریے علمی تحقیق کے معاون اور بنیادی ذریعہ تحقیق

"تحقیق کسی بھی نوعیت کی ہو، اشاریے اور کتابیات علمی تحقیق کے بنیادی معاون کی حیثیت رکھتے ہیں جن کی مدد سے مطلوبہ مضامین یا کتابوں تک پہنچنا آسان ہوتا ہے اور تلاش و تفتیش میں تحقیق کار کا قیمتی وقت بھی ضائع نہیں ہوتا"

[ماہنامہ عالمی ترجمان القرآن، جلد: ۵، عدد: ۶، ص: ۱۱۰، الابلاغ ٹرسٹ، منصورہ، لاہور، جون ۲۰۱۵ء]

ایک اور مقام پر لکھتے ہیں:

"لکھنے پڑھنے والوں کو کسی خاص موضوع پر کتابوں اور مضامین کی تلاش میں بالعموم دقت پیش آتی ہے، مثلاً ترجمان میں پروفیسر نجم الدین اربکان پر پروفیسر خورشید احمد کا مضمون چھپا تھا؟ کب؟ یا صحیفہ میں ڈاکٹر وحید قریشی کے چند مضامین چھپے تھے؟ کن کن شماروں میں؟ یا قادیانیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دینے کے فیصلے کا ذکر رسالہ الحق میں آیا تھا؟ کس ماہ و سال کی بات ہے؟........... فوری طور پر ایسے سوالات کے صحیح جواب کوئی بھی نہیں دے سکتا۔ بسا اوقات اُن رسائل کے مدیرانِ کرام بھی فوری جواب دینے سے قاصر رہتے ہیں۔ ہاں، اگر متعلقہ رسائل کے اشاریے بن چکے ہوں تو

صحیح جواب مل سکتا ہے.......... کسی خاص تحریر کو تلاش کرنے کے لیے اشاریوں کی یہ افادیت اور اہمیت مسلّم ہے.......... علمی تحقیق کے لیے اشاریہ (index) ایک مفید بلکہ ناگزیر معاون (tool) کی حیثیت رکھتا ہے۔ اشاریہ کئی قسموں کا ہوتا ہے۔ اُردو میں اشاریہ سازی کی روایت بہت قدیم نہیں ہے۔ اس کی طرف زیادہ توجہ حالیہ برسوں میں ہوئی ہے.......... ایک تو علمی کتابوں میں اشاریے کی ضرورت کا احساس بڑھنے لگا ہے۔ دوسرے رسائل وجرائد کی اشاریہ سازی نے قریبی زمانے میں خاصی پیش رفت کی ہے اور یہ زیادہ تر جامعاتی تحقیق اور امتحانی مقالات کی مرہونِ منت ہے"

[ماہنامہ عالمی ترجمان القرآن، مشمولہ: کتاب نما (دس اشاریوں پر تبصرہ)، تحریر: رفیع الدین ہاشمی، الابلاغ ٹرسٹ، منصورہ، لاہور، مئی ۲۰۱۳ء/اگست ۲۰۱۳ء]

سلمان عابد کے مطابق سابقہ تحقیقات کے جائزہ (Pre-Literature Review) میں اشاریہ کی اہمیت وافادیت

"علمی دنیا میں ہر محقق اس حقیقت سے بخوبی آشنا ہے کہ کسی بھی موضوع یا کسی بھی چیز پر تحقیق کرنے سے قبل یہ جاننا بہت ضروری ہوتا ہے کہ اس موضوع پر آج سے قبل کیا تحقیق ہو چکی ہے۔ سابقہ تحقیق سے استفادہ کرتے ہوئے وہ فیصلہ کرتا ہے کہ تحقیق کہاں سے شروع ہو گی؟ مزید یہ کہ سابقہ تحقیق سے آگاہی حاصل کرنے پر اس کو معلوم ہوتا ہے کہ اس موضوع پر تاریخ میں کیا کیا کام ہو چکے ہیں؟ اس کے لیے کتابیات اور اشاریہ نویسی کی اہمیت واضح ہوتی ہے۔ موجودہ تیز رفتار اور سپیشلائزیشن کے دور میں اس کی اہمیت بہت بڑھ چکی ہے۔ پاک وہند کے جامعات میں بھی اس حوالے سے ایم اے، ایم فل اور پی ایچ ڈی کی سطح پر تحقیقی مقالے بھی لکھوائے جاتے ہیں اور یہ سلسلہ کسی نہ کسی شکل میں اب بھی جاری ہے لیکن ان مقالوں (میں موجو اشاریوں) کی تعداد نہ ہونے کے برابر ہے...... کسی بھی ایشو پر لکھنے یا تحقیق کرنے کے جہاں پر کتب کی اہمیت اپنی جگہ پر مسلم ہے لیکن ہزاروں کی تعداد میں شائع ہونے والے اخبارات، رسائل و جرائد کا کردار کہیں بڑھ کر ہے، کیونکہ رسائل اپنے اپنے عہد کے عکاس ہوتے ہیں اور اپنے دور کی تاریخ، معاشرتی مسائل، معیشت، تہذیب وثقافت، مذہب کے علاوہ زندگی کے دیگر شعبوں پر تحریریں پیش کرتے ہی..... رسائل و جرائد میں ایک ایک موضوع پر اس کے بیسیوں پہلوؤں پر کئی اہلِ قلم کی نگارشات شامل ہوتی ہیں۔ ان گوناگوں موضوعات پر مختلف تحریروں کا کتابوں میں ملنا محال ہوتا ہے۔ صرف رسائل و جرائد ہی ان کو شائع اور محفوظ کرتے ہیں...... ہزاروں کی تعداد میں شائع ہونے والے رسائل و جرائد میں سے کسی علمی، تحقیقی رسالے کے سیکڑوں شماروں اور اس میں شائع ہونے والے ہزاروں مقالات و نگارشات سے استفادہ کرنا بھی ایک حد تک "ناممکن امر" لگتا تھا۔ اس "ناممکن" کو ممکن بنانے کے لیے اشاریے مرتب کیے جاتے ہیں جن کی مدد سے محقق کے علم میں یہ آتا ہے کہ کس رسالے میں اس کے کام کا لوازمہ موجود ہے اور یہ اشاریہ ہی ہے جس کے باعث کسی رسالے کے تمام شماروں کی ورق گردانی کی زحمت سے نجات مل جاتی ہے"

(نوٹ: اگرچہ مذکورہ بالا وضاحت بھی خصوصی طور پر "رسائل و جرائد کی اشاریہ سازی" کی افادیت کے حوالے سے ہے تاہم اس سے اشاریہ سازی کی عمومی ضرورت واہمیت بھی عیاں ہوتی ہے بالخصوص اولین سطور اشاریہ نویسی کی علمی و تحقیقی اہمیت کو بھرپور انداز میں بیان کرتے ہیں)

[ماہنامہ نقیب ختم نبوت، مشمولہ: دنیائے تحقیق میں اشاریہ سازی کی اہمیت، تحریر: سلمان عابد، ج: ۲۸، ش: ۵، ص: ۶۰، مجلس احرارِ اسلام، ملتان، مئی ۲۰۱۷ء]

سہیل انجم کے مطابق رسائل وجرائد کے اشاریہ سازی (Indexing) کی علمی و تحقیقی افادیت

"اس وقت برصغیر ہند و پاک سے لاتعداد رسائل و جرائد شائع ہو رہے ہیں۔ یہ جرائد ادبی، نیم ادبی، سیاسی، مذہبی، سماجی اور دیگر موضوعات پر مشتمل ہیں۔ رسائل و جرائد کی اشاعت کی ایک طویل تاریخ ہے اور موضوعات کے اعتبار سے ان کی بڑی اہمیت ہے۔ یہ اہمیت وقت کے گزرنے کے ساتھ ساتھ بڑھتی جاتی ہے کیونکہ آگے چل کر یہی رسائل و جرائد تاریخ نویسی میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ بعض رسائل و جرائد کی اہمیت تو کتابوں سے بھی زیادہ ہوتی ہے اور ان کا انتظار قارئین کو بے چین کیے رکھتا ہے۔ کتابوں میں کسی ایک موضوع پر ایک ہی قلم کار کے مضامین ہوتے ہیں اور بیشتر میں یکسانیت ہوتی ہے۔ لیکن رسائل و جرائد میں مختلف عنوانات پر مختلف ادیبوں کے خیالات پڑھنے کو ملتے ہیں۔ اسی طرح رسائل و جرائد کے خصوصی شماروں کی بھی زبردست اہمیت ہے جن میں متعدد ماہرین کے مضامین ہوتے ہیں جو بڑے متنوع اور جداجدا اندازِ نگارش کے ساتھ انتہائی معلومات افزا ہوتے ہیں۔ چونکہ رسائل و جرائد تاریخ نویسی اور تحقیق نگاری میں اہم کردار ادا کرتے ہیں اسی لیے ان کی اشاریہ سازی (Indexing) کا فن بھی وجود میں آیا اور اہم ادبی و معلوماتی رسائل کی اشاریہ سازی کا کام شروع ہوا۔ اشاریہ سازی کی بڑی افادیت ہے۔ اس کا اندازہ وہی لوگ لگا سکتے

ہیں جو کسی ایک موضوع پر کام کر رہے ہوں اور ان کو مختلف رسائل و جرائد کو کھنگالنے کی ضرورت پیش آگئی ہو"

(نوٹ: یہ وضاحت بھی خصوصاً "مجلات کی اشاریہ سازی" کے حوالے سے ہے تاہم اس سے اشاریہ بندی کی عمومی تحقیقی اہمیت وافادیت بھی عیاں ہوتی ہے)

[http://www.urduvoa.com/content/urdu-magazines-indexing-15jan10-81727552/1122637.html]

سید شبیر حسین زاہد کے مطابق مجلات اور ان کے اشاریوں کی تحقیقی ضرورت واہمیت

"در حقیقت تحقیق کی دنیا میں رسائل و جرائد کا کردار کتابوں سے بڑھ کر ہوتا ہے۔ رسائل نہ صرف اپنے عہد کی عکاسی کرتے ہیں بلکہ اپنے دور میں موجود مختلف موضوعات جن میں مذہب، معاشرت، سیاست، معیشت، تہذیب وثقافت، صنعت و تجارت کے تمام شعبوں کے حوالے سے محققین و قارئین کو مواد فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ رسائل میں ایک موضوع پر مختلف شخصیات کے مختلف زاویے پیش کیے جاتے ہیں جن سے متعلقہ موضوع کے تمام پہلو نکھر کر سامنے آجاتے ہیں۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ رسائل میں موجود تحقیقی لوازمہ اپنے تنوع، تحقیق اور معیار کے اعتبار سے کتب کی نسبت زیادہ اہمیت کا حامل ہوتا ہے۔ لیکن رسائل کے سابقہ ذخیرے سے استفادے کے لیے لازمی امر ان کی اشاریہ سازی ہے"

(نوٹ: یہ وضاحت بھی خصوصاً "مجلات کی اشاریہ سازی" کے حوالے سے ہے تاہم اس سے اشاریہ بندی کی عمومی تحقیقی اہمیت وافادیت بھی عیاں ہوتی ہے)

[اشاریہ برہان دہلی، مرتب: محمد شاہد حنیف، ص: ۲۲ (اشاریہ ماہنامہ "برہان" دہلی)، اوراقِ پارینہ پبلشرز، لاہور]

حافظ سید محمد اظہر سعید کے مطابق رسائل و جرائد کے اشاریوں کی قارئین و محققین کے لیے ضرورت وافادیت

"رسائل و مجلّات کے اشاریئے قارئین اور محققین دونوں کی بنیادی ضرورت ہیں جو انہیں مطلوبہ مواد کی جانب راہ نمائی بھی فراہم کرتے ہیں اور ان کے قیمتی وقت کو بھی زیادہ کار آمد بناتے ہیں۔ اردو میں اشاریہ سازی کی روایت گو زیادہ پرانی نہیں مگر کافی پختہ ہو چکی ہے۔ خصوصاً رسائل و جرائد کے اشاریئے مرتب ہو رہے ہیں۔ بہت سے رسائل سال کے آخر میں پورے سال کے مضامین کا اشاریہ شائع کرتے ہیں۔ برصغیر سے نکلنے والے کئی ایک اہم رسائل کے اشاریئے الگ سے کتابی شکل میں شائع ہو چکے ہیں"

(نوٹ: یہ وضاحت بھی خصوصاً "مجلات کی اشاریہ سازی" کے حوالے سے ہے تاہم اس سے اشاریہ بندی کی عمومی تحقیقی اہمیت وافادیت بھی عیاں ہوتی ہے)

[موضوعاتی اشاریہ ششماہی السیرۃ عالمی اور نعت رنگ، ص: ۵ (عرض مرتب)، سیرت اکادمی بلوچستان، سیٹلائٹ ٹاؤن، کوئٹہ، اشاعت اول: مئی ۲۰۰۳ء]

شاہانہ مریم شان کے مطابق ببلوگرافی اور اشاریوں کی کسی بھی دستاویز کے بارے میں بنیادی ماخذ کی حیثیت

"تحقیق میں ببلوگرافی کی ترتیب اور اشاریہ سازی کا کام نہایت اہم ہوتا ہے۔ کتابیات یونانی لفظ Biblion یعنی کتاب اور Graphyein یعنی تحریر سے مل کر بنا ہے۔ ایک زمانہ تک ببلوگرافی کا مطلب کتابوں کا لکھنا لیا جاتا رہا ہے۔ اب کتابیات سے عام طور پر کتابوں کی فہرست مراد لی جاتی ہے۔ کتابیات کا ایک اہم زمرہ اشاریہ سازی ہے، اشاریہ کو انگریزی میں Index کہتے ہیں۔ جو لاطینی لفظ جس کے معنی نشان دہی کرنا یا اشارہ کرنا کے ہیں.....اردو زبان میں اشاریہ سازی پر بہت کم توجہ دی گئی ہے۔ ڈاکٹر خلیق انجم کا کہنا ہے کہ "ہندوستان کی تحقیق میں حوالے کی کتابوں کی تیاری پر بہت کم توجہ دی گئی ہے جب کہ یہ بنیادی اور اہم کام ہے"، کچھ عرصہ قبل تک بھی اس کی اہمیت وافادیت کو تسلیم نہیں کیا گیا تھا۔ لیکن آج کل یہ کام بڑی وسعت اختیار کر گیا ہے۔ اشاریہ سازی کے رجحان نے محققین کے لئے گویا مدد کا بیڑا اٹھایا۔ محققین کے لیے اشاریہ کا کام انمول خزانے کی کنجی کے مترادف ہے۔ گویا تحقیق میں اشاریہ رہبر اول ثابت ہوتا ہے۔ اشاریہ کی بدولت مطلوبہ مواد بآسانی دستیاب ہو جاتا ہے، کیوں کہ اشاریہ سے کسی بھی شخص کے مضامین، اس کے موضوعات، کتاب یا رسالہ کے حوالے سے مکمل معلومات کا گنجینہ چند لمحوں میں حاصل ہو جاتا ہے۔ اگر اشاریہ موجود نہیں تو اپنے مواد کے لیے لائبریریاں کھنگال کر مواد کا حصول نہایت دشوار اور جاں کاہ عمل ہے۔ محقق کی بیشتر صلاحیتیں اور وقت موضوع سے متعلق مواد کی تلاش میں صرف ہو جاتا ہے۔ کیوں کہ ان ماخذات کے سمندر سے مطلوبہ مواد کو تلاش کرنا جوئے شیر لانے سے کم نہیں۔ الغرض اشاریہ کسی بھی دستاویز کے بارے میں بنیادی ماخذ کی حیثیت رکھتا ہے۔ جس کے ذریعے محقق کو کم وقت میں زیادہ معلومات فراہم ہوتی ہیں۔ مغربی ممالک میں اشاریہ سازی کی اہمیت کو بہت پہلے تسلیم کیا جا چکا ہے۔ ہندوستان اور پاکستان میں انفرادی اور جامعاتی تحقیق میں اب اس جانب توجہ دی جا رہی ہے۔ اس ضمن میں اہم

رسائل کے اشاریوں کو مرتب کیا جارہا ہے"

[ہندوستان کی یونیورسٹیوں میں اردو تحقیق کی صورتِ حال، شاہانہ مریم شان، ص: ۳۲، ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، دہلی-۶، انڈیا، سن اشاعت: ۲۰۱۱ء]

شمیم جہاں کے مطابق تحقیقی کاموں میں اشاریے کی اہمیت

"علمی اور تحقیقی موضوعات پر کام کرنے کے نقطۂ نظر سے دنیا کی تمام تر ترقی یافتہ زبانوں میں حوالے کی کتابوں کی غیر معمولی اہمیت ہے۔ کتابوں اور رسالوں اور دیگر تحقیقی مواد کے اشاریے حوالے کی کتابوں کا اہم حصہ ہوتے ہیں۔ خاص طور پر تحقیقی کام کرنے والوں کے لیے اشاریے نہایت معاون و مددگار ہوتے ہیں........اردو میں حوالے کی کتابوں کی کمی ہے۔ آج کی تیز رفتار زندگی میں اس کمی کو شدت سے محسوس کیا جارہا ہے۔ خاص طور پر محقق اس کمی کو اس وقت بہت شدت سے محسوس کرتا ہے جب وہ اپنے مطلوبہ مواد کی تلاش میں کتابوں کے جنگل میں بھٹکتا ہے اور پھر بھی اپنے موضوع سے متعلق مواد تک اس کی رسائی نہیں ہوتی" [اشاریہ غالب، شمیم جہاں، ص: ۹، ۱۰ (مقدمہ)، انجمن ترقی اردو (ہند)، نئی دہلی، انڈیا، ۱۹۹۸ء]

شہاب الدین انصاری کے مطابق اشاریہ کتب و رسائل کی اہمیت اور مختصر تاریخی پس منظر

"کتاب کا اشاریہ ہو یا رسالے کا، اس کا بنیادی مقصد مضمون میں مذکور اصطلاحات، اشخاص کے نام و اماکن اور مضمون کے ذیلی موضوعات تک پہنچنے میں رہنمائی ہوتی ہے اور اسی لیے اسے مرتب کیا جاتا ہے۔ لیکن ترتیب کے اعتبار سے اس میں اندراجاتِ متن کے متوازی نہ ہو کر اس سے مختلف اور عموماً الفبائی ترتیب میں ہوتے ہیں۔ اشاریے کی مدد سے کسی مضمون کے خاص حصے یا مضمون میں بحث کے کسی مخصوص پہلو کی شناخت آسان ہو جاتی ہے اور مواد کو تلاش کرنے والا اس حصے یا پہلو تک وقت ضائع کیے بغیر پہنچ جاتا ہے......اشاریہ سازی کی تاریخ بہت پرانی ہے۔ اس کی ابتداء مذہبی صحیفوں کے سلسلے میں ہوئی۔ مذہبی صحیفوں میں کسی اصطلاح، واقعہ یا روایت کی نشان دہی کے لیے مرتب اشاریوں کو کنکارڈینس (Concordance) یا گنجینۂ الفاظ / کشف الالفاظ کا نام دیا گیا۔ انیسویں صدی اور اس کے بعد کے برسوں میں تصنیف و تحقیق کے میدان میں بڑھتی ہوئی سرگرمیوں کی بدولت رسالوں کی تعدادِ اشاعت بھی متاثر ہوئی۔ ان کی تعداد میں بہت تیزی سے اضافے کی بدولت محققین کو اپنی ضرورت کے مضامین کی تلاش میں پریشانی کا احساس ہوا، اور اسی ضرورت نے رسائل کے مضامین کی اشاریہ سازی کی طرف توجہ مبذول کرائی۔ امریکہ میں بیسویں صدی کے شروع میں ولیم فریڈرک پول نے ۱۰۷۴ امریکی اور برطانوی رسائل میں ۱۸۸۸ء-۱۹۰۲ء کے درمیان شائع مضامین کا ایک مجموعی اشاریہ کئی جلدوں میں ۱۸۸۲-۱۹۰۷ء شائع کیا۔ آج یہ حالت ہے کہ دائرۂ علم کے تمام مضامین میں سے شاید ہی کوئی مضمون اور اس کے ذیلی موضوعات ہوں گے جن میں مطبوعہ رسائل کے اشاریے دستیاب نہ ہوں......اردو میں اشاریہ سازی کی روایت بہت پرانی نہیں ہے اور اشاریہ سازی ہی کیا اردو میں معیاری سطح کی حوالہ جاتی کتابیں، لغات کے استثناء کے ساتھ تقریباً ناپید ہیں۔ رسالوں کی موضوعی اشاریہ سازی کی جانب توجہ محمد عتیق صدیقی نے دلائی"
[اشاریہ رسالہ جامعہ (۱۹۲۳-۱۹۴۷ء و ۱۹۶۰ء-۲۰۰۸ء) مع ضمیمہ (۱۹۹۴ء-۲۰۰۸ء)، شہاب الدین انصاری، ص: ۱۳، ۱۴ (ابتدائیہ)، ذاکر حسین انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک سٹڈیز، جامعہ ملیہ اسلامیہ، جامعہ نگر، نئی دہلی، انڈیا، اشاعتِ اول: جنوری ۲۰۱۲ء]

مولانا ضیاء الدین اصلاحی کے مطابق اردو اشاریہ سازی کی اہمیت اور نامور اہلِ علم و قلم پر اشاریے

"اردو میں اشاریہ نگاری ایک مستقل فن ہو گیا ہے، اس سے علمی و تحقیقی کام کرنے والوں اور مصنفین کو بڑا فائدہ اور آسانی ہوتی ہے۔ چنانچہ متعدد اکابر اہلِ قلم اور مصنفین کے مقالات و تصانیف کے اشاریے مرتب کر کے شائع کیے جاتے رہے ہیں۔ مولانا شبلیؒ کے تعلق سے متعدد اشاریے مرتب کیے گئے ہیں جن میں سے بعض کتابی صورت میں بھی شائع ہو چکے ہیں۔ ان پر متعدد رسالوں کے خاص نمبر بھی شائع ہوئے ہیں، ان میں بھی اس کی جانب توجہ کی گئی ہے اور ان کے اپنے مضامین و کتب کے علاوہ ان پر دوسرے اہلِ قلم کے مضامین اور کتابوں کا اشاریہ بھی ان نمبروں میں شامل ہے۔ مولانا سید سلیمان ندوی کی تحریروں کا اشاریہ بہار اردو اکادمی نے شائع کیا ہے، اسے جناب عبدالقوی دسنوی نے ترتیب دیا ہے، ان ہی کے قلم سے "انیس نما" کے نام سے میر ببر علی انیس کا اشاریہ بھی شائع ہوا ہے۔ مرزا غالب صدی تقریبات کے موقع پر اردو کے کئی رسالوں نے غالب نمبر

نکالے، ان میں سے بعض نے غالب کے اشاریے بھی شائع کیے، اسی طرح سر سید، اقبال اور مولانا ابوالکلام آزاد وغیرہ کے مضامین و تصانیف اور ان پر لکھے جانے والے دوسروں کے مضامین اور کتابوں کے اشاریے چھپ گئے ہیں"

[اشاریہ معارف (جولائی ۱۹۱۶ تا دسمبر ۲۰۱۱ء)، ترتیب: جمشید احمد ندوی، ج:۱ (باعتبار مضامین)، ص:۶ (مقدمہ)، دار المصنفین، شبلی اکیڈمی، علی گڑھ، انڈیا، ۲۰۱۲ء]

عابد سہیل کے مطابق موسوعات، توضیحی و حوالہ جاتی کتب اور اشاریوں کی اہمیت

"علم دو چیزوں پر مشتمل ہوتا ہے، ایک متعلقہ موضوع کے ایک ایک پہلو سے گہری واقفیت اور اس کے رگ و ریشے پر مکمل گرفت اور دوسرے یہ کہ یہ ساری معلومات کہاں سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔ یوں تو یہ علم اور واقفیت ظاہری کتابوں اور موضوع کے ماہرین کے افکار کے مطالعے سے ہی حاصل ہو گی لیکن مسئلہ کتابوں اور مقالات کی تلاش اور ان کے انتخاب کا بھی ہوتا ہے، اس کام میں انسائیکلو پیڈیا، توضیحی اور حوالے کی کتب اور اہم رسائل و جرائد کے اشاریے خاص طور سے معاون ہوتے ہیں"

[رسالہ شاہراہ: تجزیاتی مطالعہ اور اشاریہ، نوشاد منظر، ص:۹ (سرِ سخن)، ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، دہلی، انڈیا، ۲۰۱۴ء]

مولانا عبد القیوم حقانی کے مطابق اشاریہ سینکڑوں کتب سے استفادے کا آسان ور مختصر راستہ

"دورِ حاضر میں تصانیف سے استفادے کو سہل تر بنانے کے لیے اشاریہ سازی کا فن خاصی اہمیت حاصل کر چکا ہے۔ سینکڑوں، ہزاروں صفحات کی ورق گردانی ور سائی سے ماورا کتب و مآخذ سے استفادے کا یہ بہت مختصر راستہ اور ذریعہ ہے۔ خصوصاً مجلّات ور سائل کے مضامین کی کثرت کے باعث ان سے تھوڑے وقت میں استفادہ کرنا بہت مشکل ہوتا ہے۔ لٰہذا یہاں اشاریہ بہت مددگار ثابت ہوتا ہے"

[اشاریہ ماہنامہ القاسم (مئی ۱۹۹۸ء تا دسمبر ۲۰۱۰ء)، مرتب: محمد شاہد حنیف، ص:۳، جامعہ ابوہریرہؓ، خالق آباد، نوشہرہ، طبع اول: ۲۰۱۱ء]

ایک اور مقام پر اشاریہ سازی کی اہمیت کے حوالے سے لکھتے ہیں:

"کسی رسالے یا کتاب کے مشتملات، کسی مصنف کی تخلیقات و نگارشات، کسی شخصیت کی حیات و خدمات کے بارے میں لکھے گئے تاثرات و پیغامات اور کسی موضوع کے بارے میں لکھے گئے مقالات و تحقیقات تک رسائی کے لیے اشاریہ بہترین معاون ہے۔ تخصصات کے اس دور میں جب کہ ہر فن، ہر علم اور ہر شعبہ ہائے تحقیق کے بے شمار ذیلی شاخیں بن گئی ہیں، اشاریہ کی ضرورت بھی پہلے سے بڑھ گئی ہے۔ دینی مجلات کے ریکارڈ کا اشاریہ بنانے کا رجحان بھی تیزی سے جگہ بنا رہا ہے"

[ماہنامہ القاسم، ج:۱۸، ش:۱۲، مشمولہ: تعارف و تبصرہ کتب، تحریر: مولانا عبد القیوم حقانی، ص:۷۸، جامعہ ابوہریرہؓ، خالق آباد، نوشہرہ، دسمبر ۲۰۱۴ء]

عبد المتین منیری کے مطابق اشاریہ سازی بالخصوص تحقیقی و ادبی مجلات کے اشاریوں کی اہمیت

"معیاری علمی تحقیقی و ادبی مجلات اپنے دور کے عکاس ہوتے ہیں، ان کی حیثیت ایک روزنامچے کی ہوتی ہے جس میں کسی قوم کی علمی و ادبی ترقی کی رفتار محفوظ ہوتی ہے، ان مجلات میں جو مقالات شائع ہوتے ہیں، اہمیت کے باوجود ان کی اکثریت دوبارہ اشاعت سے محروم رہتی ہے، جس کی وجہ سے اہلِ علم و تحقیق کی ایک بڑی تعداد کا تعارف ایک مخصوص زمانے تک محدود رہ جاتا ہے، لیکن جب ایسے کسی (علمی و تحقیقی) مجلے کا اشاریہ منظرِ عام پر آتا ہو تو یہ مجلہ ایک وسیع و عریض انسائیکلوپیڈیا کی حیثیت اختیار کر جاتا ہے"

(نوٹ: یہ وضاحت بھی خصوصاً "مجلات کی اشاریہ سازی" کے حوالے سے ہے تاہم اس سے تحقیقی اشاریہ بندی کی عمومی اہمیت و افادیت بھی عیاں ہوتی ہے)

[اشاریہ معارف اعظم گڑھ (برقی)، مرتب: محمد سہیل شفیق، ڈیجیٹل فارمیٹ: عبد المتین منیری، ص: اشاریہ معارف اعظم گڑھ: ہدایات (صفحہ نمبر ندارد)]

غلام نبی کمار کے مطابق اشاریہ سازی ایک مستقل فن اور علمی و تحقیقی میدان میں نبرد آزمائی کرنے والوں کے لیے بڑا فائدہ مند

"اشاریہ سازی ایک مستقل فن ہے۔ کتابیات کی طرح اشاریہ کی بھی بڑی اہمیت ہے۔ اشاریہ سازی کے فن کو عموماً رسائل و جرائد کے ساتھ منسلک کیا جاتا ہے۔ لیکن اشاریہ سازی صرف رسائل و جرائد کے ساتھ خاص نہیں ہے۔ اس سے علمی و تحقیقی میدان میں نبرد آزمائی کرنے والوں اور

مصنفین کو بڑا فائدہ اور آسانی ہوتی ہے۔ زبان و ادب کے ماہرین جنھوں نے اپنی لیاقت اور صلاحیت کے بل بوتے پر اردو ادب کے ذخیرے کو وسعت عطا کی ہے ان سے متعلق مقالات و مضامین یا خود ان کی بیشتر تصانیف و مضامین ادھر ادھر بکھرے پڑے ہوتے ہیں اور وہاں تک ایک عام قاری کی رسائی نہیں ہو پاتی کہ فلاں مصنف کی کتاب یا ان کا مضمون کس جگہ اور کہاں مل سکتا ہے۔ اس پریشان کن صورتِ حال سے بچنے میں صرف اور صرف اشاریہ ہی ہماری رہنمائی کر سکتا ہے...... تحقیق میں مواد کی فراہمی کا ایک بڑا اور اہم ذریعہ کتابیں اور رسائل ہیں۔ جو کتابیں شائع ہوتی ہیں وہ تو مارکیٹ میں دستیاب ہوتی ہیں یا کہیں سے منگوائی بھی جاسکتی ہیں لیکن رسائل کے ساتھ معاملہ اس کے برعکس ہے۔ جہاں تک کتابوں کا تعلق ہے تو وہ کسی مخصوص موضوع، صنف ادب اور مخصوص نقطہ نظر سے متعلق ہوتی ہیں جبکہ رسائل میں مختلف اور متنوع موضوعات پر مضامین اور مختلف اصنافِ سخن شامل ہوتے ہیں۔ رسائل و جرائد کے اشاریے محقق کے لیے اہمیت کے حامل ہوتے ہیں کیونکہ ان میں مختلف اور متنوع موضوعات پائے جاتے ہیں۔ بسا اوقات ایک مضمون سے جتنی معلومات حاصل ہوتی ہے وہ کبھی کبھی پوری کتاب سے بھی فراہم نہیں ہوتی۔ اُس وقت ریسرچ کے طالب علم کے لیے ایک مضمون کی اہمیت ایک کتاب کے مقابلے میں زیادہ ہو جاتی ہے۔ رسائل میں موضوعات کا بھی تنوع ہوتا ہے اور تقریباً تمام اہم موضوعات پر مضامین مل جاتے ہیں جو کسی ایک کتاب میں نہیں ملتے۔ پھر یہ کہ رسائل میں قاری اور وقت کے تقاضے کو سامنے رکھتے ہوئے مضامین لکھوائے جاتے ہیں۔ اس موضوع پر کبھی کوئی کتاب زیورِ طبع سے آراستہ ہو کر منظر عام پر آجاتی ہے اور کبھی نہیں۔ آج بھی اَن گنت موضوعات ایسے ہیں جن پر مواد صرف رسائل میں موجود ہے اور کتابیں اس سمت میں کوئی رہنمائی کرتیں۔ بات یہیں پر ختم نہیں ہوتی بلکہ بہت سارے مصنفین ایسے ہیں جنھوں نے رسالوں میں اپنے قلم سے موتی اور جواہر بکھیرے ہیں اور اپنے مضامین کے بل بوتے پر ان کو جا بجا خوبیوں سے مزین کیا ہے۔ مگر ان باوقار مصنفین کی شخصیت رسائل کے اوراق تک ہی محدود ہو کر رہ گئی ہے۔ آج کے کئی معروف ادیبوں کی ابتدائی تحریروں اور علمی و فکری تحریکوں کے بھی یہ جرائد امین ہیں۔ اشاریہ کے نہ ہونے سے ان کی شخصیت پر پردہ پڑا ہوا ہے۔ ایسی صورت میں اگر رسائل کے اشاریے تیار ہو جائیں تو محقق کو بڑی سہولت حاصل ہو جائے گی اور تحقیقی دشواریوں پر بہت حد تک قابو پایا جاسکتا ہے۔ اس طرح تحقیقی راہ میں حائل ایک بڑی رکاوٹ کو دور کیا جا سکتا ہے .... اشاریہ کسی بھی ماخذ میں موجود اہم موضوعات، اشخاص اور دیگر اہم چیزوں کی نشاندہی کرتا ہے جس کی بنا پر محقق یا قاری کو متن یا ماخذ کی مکمل ورق گردانی نہیں کرنا پڑتی بلکہ وہ کم سے کم وقت میں اشاریہ کی مدد سے اپنے مطلوبہ موضوع تک رسائی حاصل کر لیتا ہے۔ یہ کہا جاسکتا ہے کہ اشاریہ ایک گلوب کی حیثیت رکھتا ہے جس پر ایک نظر ڈالنے سے پوری ادبی کائنات نظر کے سامنے آجاتی ہے اور اس کی مدد سے ایک مخفی بنیادی تصور قائم کر کے اس کی روشنی میں اصل کا مطالعہ کرتا ہے۔ علم کی حفاظت کسی بھی طریقہ سے اور کسی بھی ہئیت میں کی جائے اشاریہ کی اہمیت و ضرورت اپنی جگہ مسلم ہے اور یہ کہ اشاریہ کسی مصنف، مضمون، موضوع یا کتاب کا آئینہ ہوتا ہے۔ اشاریہ سازی یا اشاریہ مرتب کرنا ایک ایسا فن ہے جس میں رسائل و جرائد، کتابی مواد کے اندراجات کی تفصیل، اس کے درج کرنے کے طریقے اور اندراجات کی ترتیب کے لیے مختلف طریقہ ہائے کار واضح کیے گئے۔ اشاریہ سازی کے بغیر کسی بھی قسم کی تحقیق کو موثر طور پر انجام تک پہنچانے کا تصور نہیں کیا جاسکتا۔ تحقیقی امور میں اشاریوں کی اہمیت اظہر من الشمس ہے" (نوٹ: یہ اقتباسات "مجلات کی اشاریہ سازی" کے ساتھ ساتھ تحقیقی عمل میں اشاریہ بندی کی عمومی اہمیت بھی بیان کرتی ہیں)

[اردو ریسرچ جرنل، مشمولہ: اردو میں اشاریہ سازی کی اہمیت، تحریر: غلام نبی کمار، یکم ستمبر ۲۰۱۶ء http://www.urdulinks.com/urj]

محمد اشرف شکوری کے مطابق اشاریہ بالخصوص مجلات کے اشاریوں کی اہمیت و معنویت

"رسائل و جرائد کی اشاریہ سازی کی تاریخ کچھ زیادہ قدیم نہیں ہے۔ اٹھارویں صدی کے اواخر میں سائنسی علوم کی تحقیق میں روز افزوں رفتار کی بدولت رسائل کی اشاعت میں اضافہ ہونا شروع ہو گیا۔ انیسویں صدی کے آخری عشروں تک ان رسائل و جرائد کی تعداد اتنی بڑھ چکی تھی کہ سائنس دان اور محققین کے لیے ان میں سے اپنی ضرورت کے مواد تک پہنچنا کافی مشکل ہو گیا۔ اس مشکل کو دور کرنے کے لیے رسائل کی اشاریہ سازی کی داغ بیل پڑی۔ اپنی اہمیت و افادیت کے لحاظ سے کتاب سے کہیں زیادہ رسالے کے اشاریے کا مقام ہے۔ کتاب کسی ایک موضوع یا چند ایک موضوعات پر ایک مصنف یا دو تین مصنفین کی تصنیف ہوتی ہے جب کہ ایک رسالہ میں بہت سے مصنفین مختلف موضوعات پر لکھتے ہیں۔ ان

موضوعات تک محققین کی رسائی ہی ایک اشاریہ ساز کا مقصد اور مشن ہوتا ہے۔ اسی اہمیت اور افادیت کو پیش نظر رکھتے ہوئے رسائل کی اشاریہ سازی میں معاون قاعدے اور ضابطے مرتب کیئے گئے، صراحتی الفاظ (Descriptors)، اور کنز اللغات (Thesaurus) مختلف مضامین و موضوعات میں اشاریہ سازی کی ضرورت کو پورا کرنے کے لیے وضع کیے گئے"

(نوٹ: یہ وضاحت بھی خالصتاً "رسائل و جرائد کی اشاریہ سازی" کے حوالے سے ہے تاہم اس سے اشاریہ بندی کی عمومی اہمیت وافادیت بھی عیاں ہوتی ہے)

[سہ ماہی صدائے لائبریرین: صنفی اشاریہ (اپریل ۲۰۱۴ء تا دسمبر ۲۰۱۷ء)، ڈاکٹر نسرین شگفتہ، ص: ۹ (مقدمہ) صدائے لائبریرین پبلشرز، لاہور، ۲۰۱۷ء]

محمد اظہر کے مطابق اشاریہ سازی: کتابی مواد تک رسائی میں سرعت و سہولت

"اشاعت اور طباعت کے موجودہ دور میں اشاریہ سازی ایک مستقل فن کی حیثیت اختیار کر چکا ہے جس کی بدولت کسی ضخیم کتاب سے مطلوب مواد نہایت سہولت و سرعت سے حاصل کیا جاسکتا ہے"

[ماہنامہ الخیر، مشمولہ: کتب نما (تبصرہ برکتب)، تحریر: محمد اظہر (مدیر)، جلد: ۳۰، شمارہ: ۱۲، ص: ۵۰، جامعہ خیر المدارس، اورنگ زیب روڈ ملتان، نومبر ۲۰۱۲]

محمد انس حسان کے اردو میں اشاریہ سازی کی روایت کے بارے میں تحقیقی تاثرات و تجاویز

"اسلامی علوم و فنون میں اشاریہ سازی کی روایت اگرچہ کافی پرانی ہے لیکن دور حاضر میں اس روایت کا بانی بھی من جملہ دیگر کئی علوم کی طرح مغرب ہی کو سمجھا جانے لگا ہے۔ حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ ابن ندیم (الفہرست) اور حاجی خلیفہ (کشف الظنون) مغرب کی علمی ترقی سے بہت پہلے اس روایت کا باقاعدہ آغاز کر چکے تھے۔ البتہ یہ بات درست ہے کہ اردو زبان میں گزشتہ تین دہائیوں میں اس حوالے سے پہلے کی بہ نسبت کافی زیادہ کام ہوا ہے۔ لگ بھگ ۱۳۰ کے قریب رسائل کے اشاریے ترتیب پاچکے ہیں اور یہ عمل اپنی تحقیقی افادیت کے پیش نظر روز افزوں ہے۔ اگرچہ اس عرصے میں شخصی اور موضوعاتی اشاریوں پر کافی کچھ تحقیقی کام ہوا لیکن ان اشاریوں کا بہت بڑا حصہ ہنوز جامعات کی الماریوں کی زینت اور طباعت سے محروم ہے۔ ایک طرف تو المیہ یہ کہ انتہائی محدود علمی شغف رکھنے والا طبقہ ہی اس کی افادیت سے واقف ہے تو دوسری طرف پریشانی یہ ہے کہ ناشرین اپنے کاروباری مفادات کے پیش نظر اشاریہ سازی کی روایت کے تابوت میں محض کیل ٹھونکنے پر ہی مطمئن نہیں بلکہ اس کی آخری رسومات میں بھی برابر شریک ہیں۔ گزشتہ کچھ عرصے میں ڈاکٹر سفیر اختر، شیر نوروز خان اور شاہد حنیف نے اشاریہ سازی کی دم توڑتی روایت کو زندہ رکھنے میں نمایاں کردار ادا کیا ہے۔ لیکن ضرورت اس بات کی ہے کہ اس فن کو انفرادی کاوشوں سے بڑھ کر جماعتی شکل میں درجہ بدرجہ وسعت دی جائے ڈاکٹر محمد حمید اللہ نے ایک جگہ لکھا ہے کہ میں نے ایک روز اپنے فرانسیسی استاد سے عرض کیا کہ اشاریہ سازی انتہائی سہل پسند لوگوں کا کام ہے۔ اس پر انہوں نے فرمایا کہ یقیناً ان سہل پسندوں ہی کی وجہ سے ہمیں زیادہ محنت نہیں کرنی پڑتی"

[اردو میں اشاریہ سازی کی روایت، تحریر: محمد انس حسان، بحوالہ سوشل میڈیا (فیس بک)https://www.facebook.com/bukhari.hazratjee]

محمد شاہد حنیف کے مطابق سائنسی دور میں اشاریہ سازی ایک منظم رہنما

"عصر حاضر جس کو سائنسی دور بھی کہا جاتا ہے، جہاں ہر چیز نے ترقی کی بہت سی منزلیں طے کرلی ہیں وہاں طباعت کی جدید ترین سہولتیں فراہم ہونے کی وجہ سے ہر موضوع پر اس قدر لٹریچر شائع ہو رہا ہے کہ سب کا احاطہ کرنا نہایت مشکل ہو گیا ہے۔ ان حالات میں کتابوں یا رسائل کے بحرِ ذخّار میں خاص موضوع تک رسائی اس سے بھی زیادہ مشکل امر ہے۔ کتابوں اور رسائل کے اشاریے اسی مشکل کو حل کرنے کے لیے تیار کیے جاتے ہیں۔ اشاریے کی حیثیت ایک منظم رہنما کی ہے جس کی مدد سے ہم نہایت قلیل وقت میں اپنے مطلوبہ موضوع تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں"

[اشاریہ ماہنامہ الحق، مرتب: محمد شاہد حنیف، ص: XXV، موتمر المصنفین، دار العلوم حقانیہ، اکوڑہ خٹک، نوشہرہ، خیبر پختونخوا، پاکستان، طبع اول: ۲۰۱۱ء]

محمد ضیاء الدین انصاری کے مطابق اشاریہ سازی کی طرف عدم یا کم رجحان کی وجہ سے اردو حوالہ جاتی کتب کا فقدان

"اردو میں حوالہ جاتی ادب کی بڑی کمی ہے۔ ہمارے دانشوروں اور ادیبوں نے اس جانب بہت ہی کم توجہ مبذول کی ہے۔ اردو داں طبقہ میں ابھی تک

نہ تو کتابیات کا صحیح ذوق پیدا ہوا ہے، نہ اشاریہ سازی اور نہ ترتیب متن میں تعلیقات نگاری کا۔ اس کا بنیادی سبب غالباً یہ ہے کہ اس قسم کے کاموں کو ادبی نوعیت کا کام تصور نہیں کیا جاتا۔ اشاریہ سازی اور کتابیات کو خالص لائبریری سائنس کی ایک شاخ تصور کیا جاتا ہے اور چونکہ اردو داں طبقہ کو علم کتاب خانہ سے ابھی تک کوئی خاص مناسبت پیدا نہیں ہوئی ہے، اس لیے اردو میں نہ صرف حوالہ جاتی ادب، بلکہ مجموعی طور پر علم کتاب خانہ سے متعلق مواد کا ہی فقدان ہے۔ البتہ گزشتہ چند برسوں سے صورت حال میں کچھ بہتری کے آثار نظر آرہے ہیں۔ یہ ایک خوش آئند اور صحت مند رجحان ہے 'ادھر دیکھنے میں آرہا ہے کہ ہمارے مصنفین اس جانب بھی توجہ کررہے ہیں جس کے نتیجہ میں اہم شخصیات سے متعلق کتابیات اور ادبی رسائل کے اشاریے مرتب شکل میں منظر عام پر آگئے ہیں"

[معاصر کا توضیحی اشاریہ، ڈاکٹر محمد نورالاسلام، ص: حرفِ آغاز (بدون نمبر)، خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ، انڈیا، ۲۰۰۲ء]

محمدی کے مطابق اشاریہ سازی تحقیق کی بدعتِ حسنہ

"آپ نے اردو ادب کے ۱۹۶۲ء کے شمارہ نمبر ۲ میں مولانا ابوالکلام آزاد کے اخبار الہلال کے انڈکس کی تجویز پیش کی۔ اشاریہ سازی کی جانب توجہ دلاتے ہوئے انہوں نے لکھا: ان بیش بہا نوادرات سے استفادہ کے لیے ضروری ہے کہ الہلال کا مبسوط اشاریہ (انڈکس) تیار کیا جائے۔ یہ کام دشوار ہے اور اس وجہ سے اور بھی دشوار معلوم ہوتا ہے کہ اردو ہندی میں تحقیق کی یہ بدعت جو تحقیق کی ایک اہم شاخ ہے، نایاب ہونے کی حد تک کم یاب ہے۔ انہوں نے نہ صرف یہ کہ اس کی ضرورت اور اہمیت کی جانب اشارہ کیا بلکہ الہلال کا اشاریہ تیار کرنے کا ایک خاکہ بھی پیش کیا"

[اشاریہ رسالہ جامعہ (۱۹۲۳-۱۹۴۷ء و ۱۹۷۰ء-۲۰۰۸ء) مع ضمیمہ (۱۹۹۴ء-۲۰۰۸ء)، شہاب الدین انصاری، ص: ۱۴ (ابتدائیہ)، ذاکر حسین انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک سٹڈیز، جامعہ ملیہ اسلامیہ، جامعہ نگر، نئی دہلی، انڈیا، اشاعتِ اول: جنوری ۲۰۱۲ء]

محمد علی اثر کے مطابق اشاریہ سازی کی اہمیت اور مختصر تاریخی پسِ منظر

"کسی بھی زبان میں علمی ادبی اور تحقیقی کام کرنے والوں کے لیے اشاریہ سازی، کتابیات یا وضاحتی فہرستیں بنیادی ماخذ کی حیثیت رکھتی ہیں۔ اشاریہ سازی کا مقصد مختلف موضوعات پر تحقیقی کام کرنے والے طلبہ اور محققین کے لیے بنیادی ماخذ فراہم کرنا اور ماضی کے علمی ذخیروں کی بازیافت ہے۔ اردو میں مطبوعات اور رسائل کی اشاریہ سازی کی ایک طویل عرصے سے سخت کمی محسوس کی جارہی ہے۔ اس سلسلے میں سب سے پہلے محمد سجاد مرزا بیگ نے مولانا شبلی نعمانی کے ایما پر "الفہرست" کے نام سے اشاریہ سازی کا کام انجام دیا تھا۔ یہ کتاب ۱۹۲۳ء میں نظام دکن پریس حیدرآباد سے شائع ہوئی تھی۔ اس کے بعد مولوی عبدالحق نے انجمن ترقی اردو کراچی کی جانب سے "قاموس الکتب" کے عنوان سے ایک کتابیات مرتب کروائی۔ ۱۹۶۱ء میں اس سلسلے کی پہلی جلد منظر عام پر آئی جو مذہبیات سے متعلق ہے۔ اشاریہ سازی کی اہمیت وافادیت کے پیش نظر سرکاری نجی اور جامعاتی سطحوں پر خصوصیت کے ساتھ توجہ دی جارہی ہے مختلف جامعات میں بعض سندی مقالے تو ایم فل اور پی ایچ ڈی کی ڈگری کے حصول کیلئے اشاریہ سازی سے متعلق ہی مرتب کئے جارہے ہیں۔

[اشاریہ ماہنامہ معارف، ڈاکٹر یوسف فاتحہ خوانی، ص: xi (پیش گفتار)، مکہ پبلی کیشنز (بتعاون قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان)، دہلی، ۲۰۱۵ء]

محمد قمر سلیم کے مطابق اشاریہ کا اجمالی تاریخی پسِ منظر اور مجلات کے اشاریوں کی ضرورت واہمیت

"اردو میں اشاریہ سازی کی روایت زیادہ پرانی نہیں ہے۔ دیگر متعدد علمی وادبی رجحانات وطریق ہائے کار کی طرح اشاریہ سازی بھی اردو میں انگریزی سے آئی۔ انگریزی ادب اشاریہ سازی کی ایک وقیع روایت کا حامل ہے اور اس کا چلن ایک عام علمی رجحان کی حیثیت رکھتا ہے۔ انگریزی میں لندن سکول آف اورینٹل اینڈ افریقن سٹڈیز کے لائبریرین جے۔ ڈی پیرسن نے "Index Islamicus" سے اشاریہ سازی کی شروعات کی۔ ایران میں ایرج افشار نے فہرست مقالات فارسی تیار کی...... اس دور میں رسائل کے اشاریہ کی اہمیت بہت بڑھ گئی ہے۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اشاریہ کی ضرورت کیوں محسوس ہوتی ہے؟ اور اشاریہ کی اہمیت دن بدن کیوں بڑھتی جارہی ہے؟ جہاں تک کتابوں کا تعلق ہے تو وہ عام طور سے کسی مخصوص

موجوع، مخصوص صنفِ ادب اور مخصوص نقطہ نظر سے متعلق ہوتی ہیں جب کہ رسائل میں مختلف موضوعات پر مضامین اور مختلف اصنافِ سخن ہوتے ہیں۔ ہمیں یہ نہیں معلوم ہوتا ہے کہ کس رسالے میں کس موضوع پر کون سا مضمون چھپا ہے۔ تحقیق کا کام اتنا وسیع ہے کہ چھان بین، تلاش اور جستجو کے بعد بھی اس موضوع سے متعلق کچھ نہ کچھ کمی رہ جاتی ہے جس کی وجہ سے تحقیق نامکمل اور غیر تشفی بخش رہ جاتی ہے اور تحقیق کا مقصد ہی فوت ہو جاتا ہے۔ جب سے رسائل کی اشاعت شروع ہوئی ہے اس وقت سے لے کر دورِ حاضر تک نہ جانے کتنے معروف اور غیر معروف رسائل منظر عام پر آچکے ہیں۔ بے شمار رسائل کی ورق گردانی کرنا کوئی آسان کام نہیں ہے۔ جس وقت محقق تحقیق کا کام شروع کرتا ہے اس وقت وہ خالی ہاتھ ہوتا ہے۔ اسے خود اپنی سمت متعین کرنا ہوتی ہے۔ نہ جانے کتنی دشواریوں کا سامنا کرتے ہوئے وہ آہستہ آہستہ سیڑھیوں پر چڑھتا ہے اور کئی مرحلوں سے گزرنے کے بعد اپنے مقصد تک رسائی حاصل کرتا ہے......آج کے ترقی یافتہ دور میں محقق کو بے پناہ سہولتیں میسر ہیں لیکن اتنی سہولیات دستیاب ہونے کے بعد بھی بہت سی دشواریوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ ان کی دشواریوں میں مواد کی تلاش ایک بہت بڑا مرحلہ ہے۔ تحقیق کے کام میں تیزی لانے کے لیے ضروری ہے کہ محقق کی دشواریوں اور پریشانیوں کو کم کیا جائے۔ محقق کی مشکلات کچھ کم کرنے اور اس کی راہیں آسان کرنے کے لیے ضروری ہیں کہ رسائل کے اشاریے تیار کیے جائیں کیوں کہ رسائل کے اشاریے تیار ہونے سے محقق کو ایک سمت مل جائے گی جس سے اس کی پریشانیوں اور دشواریوں میں کمی تو آئے گی ہی، ساتھ ہی ساتھ اس کے وقت کی بچت بھی ہوگی۔ ہندوستان میں نہ جانے کتنی لائبریریاں ہیں جن میں بے شمار رسائل کا انبار لگا ہوا ہے۔ ضروری نہیں ہے کہ ہر رسالے کی ساری جلدیں ایک ہی لائبریری میں مل جائیں یا سارے رسالے جواب تک شائع ہو چکے ہیں، ایک ہی لائبریری میں دستیاب ہو جائیں۔ اشاریہ سازی کو فروغ دینے کے لیے ضروری ہے کہ ہر رسالے کا اشاریہ مختلف شقوں کے تحت تیار کیا جائے اور اس بات کی بھی نشان دہی کی جائے کہ یہ رسائل کہاں دستیاب ہیں تاکہ محقق کا کام مزید آسان ہو جائے اور وہ جگہ جگہ ٹھوکریں کھانے کے بجائے اپنی منزل کی طرف سلامت روی کے ساتھ گامزن ہو۔ اشاریہ میں کسی بھی رسالے کے تمام شماروں کے مضامین کی فہرست تاریخ وار، موضوعات اور حروفِ تہجی کی ترتیب سے تیار کی جاسکتی ہے۔ اشاریہ کو دیکھ کر محقق اپنے موضوع سے متعلق رسالے کو منٹوں میں حاصل کر سکے گا اور اپنے تحقیقی کام کو آگے بڑھا سکے گا۔ اشاریہ کی وجہ سے محقق کے وقت کی بچت ہوگی اور وہ ہزاروں رسائل کی ورق گردانی سے بچ جائے گا''

(نوٹ: درج بالا اقتباسات اگرچہ ''مجلات کی اشاریہ سازی'' کی اہمیت پر ہیں تاہم انہیں سندی مقالات کی اشاریہ بندی کی افادیت کی نظر سے بھی دیکھا جاسکتا ہے)

[اشاریہ دل گداز (۱۸۸۷ء سے ۱۹۱۸ء تک)، محمد قمر سلیم، ج: ۱، ص: ۱۹، ۲۱، ۲۳ تا ۲۵ (مقدمہ)، مکتبہ جامعہ لمیٹڈ، جامعہ نگر، نئی دہلی، انڈیا، بار اوّل: ۲۰۰۳ء]

مطیع اللہ خان کے مطابق اشاریہ سازی کی مختصر تاریخ اور حوالہ جاتی اہمیت وافادیت

''دنیا میں ہر چیز کی ایک تاریخ ہوتی ہے اور اسی تاریخ کی بنا پر اس کی اہمیت کا اندازہ کیا جاتا ہے۔ رسائل کو ادبی اور تاریخی اعتبار سے دیکھا جائے تو ان کی اہمیت سے انکار نہیں کیا جاسکتا۔ رسائل کی روشن تاریخ کو زندہ رکھنے کے لیے ہی ان کے اشاریے مرتب کیے جاتے ہیں۔ اشاریے کا مقصد قاری کو ایک طائرانہ نظر میں وہ سب کچھ مہیا کرانا ہوتا ہے جس کا وہ متلاشی ہے۔ سائنسی، علمی اور ادبی رسالوں کے اشاریے آج تک اسی غرض سے مرتب کیے گئے ہیں کہ وہ تحقیق کرنے والوں کی ضرورتوں کو پورا کر سکیں......اشاریہ سازی کے فن کا آغاز انگلستان میں ہوا لیکن اس کی آبیاری امریکہ میں ہوئی.....انڈکس کی داغ بیل ڈالنے والوں میں فریڈرک پولی اور ڈبلیو ولسن کے نام سرِ فہرست ہیں......اشاریہ ایک قسم کی فہرس سازی ہے جس کی بنیاد اطلاعات پر قائم ہوتی ہے۔ تحقیق کے نقطۂ نظر سے دیکھا جائے تو اشاریہ اور اشاریہ سازی کی غیر معمولی اہمیت سے انکار نہیں کیا جاسکتا۔ ایک محقق اپنی تحقیق کو نقطۂ آغاز سے انجام تک پہنچانے کے لیے کیسے کیسے دقیق مراحل سے گذرتا ہے، کس قدر عرق ریزی سے مواد مہیا کرتا ہے اور حوالہ جات کو تلاش کرنے نیز انہیں محفوظ کرنے کے لیے کتنی اور کیسی جاں توڑ محنت کرتا ہے یہ (سب) کچھ اسی کو معلوم ہوتا ہے۔ لیکن ایک اشاریہ ساز محقق کی مذکورہ دشواریوں کو نہ صرف آسان کر دیتا ہے بلکہ اشاروں اشاروں میں ایسی حوالہ جاتی دنیا بسا دیتا ہے جو محقق کے خوابوں کو تعبیر سے آباد ہونے میں غیر معمولی تعاون کرتی ہے۔ اس طرح اشاریہ سازی کی اہمیت وافادیت روزِ روشن کی طرح عیاں ہوتی ہے اور اس کا مقصد واضح طور پر سامنے آتا ہے''

[اشاریہ ماہنامہ تحریک دہلی، مرتب: مطیع اللہ خان، ص: ۹، ۱۱ (مقدمہ)، موڈرن پبلشنگ ہاؤس، دریا گنج، نئی دہلی، انڈیا، ۲۰۱۱ء]

دنیا کی نامور اقوام علم و تحقیق کے شعبے میں کارہائے نمایاں انجام دے کر اپنی کامیابی کا لوہا عالمی سطح پر منواتی رہی ہیں۔ دورِ حاضر میں علم کی دریافت و تحقیق کو یونیورسٹیوں اور یہاں کے اساتذہ و طلبہ کا فرضِ منصبی قرار دیا گیا ہے اور کسی بھی جامعہ کے لیے یہ امر بنیادی حیثیت رکھتا ہے کیوں کہ دنیا بھر میں اعلیٰ تعلیم کا مرکز جامعات ہوتی ہیں جہاں جدید علوم پڑھا کر تحقیقی سرگرمیوں کو فروغ دینے کی پوری کوشش کی جاتی ہے جس کے نتیجے میں نسلِ انسانی کے فائدے کے لئے نت نئی ایجادات و دریافتیں معرضِ وجود میں آتی ہیں، جن سے نہ صرف وہاں کے ملک و قوم فائدہ اٹھاتے ہیں بلکہ پوری دنیا مستفید ہوتی ہے۔ الغرض علم و تحقیق میں جامعات کا کردار کلیدی ہے جہاں مختلف شعبہ ہائے علوم میں متنوع موضوعات پر تحقیقی مقالات تحریر کی جاتی ہیں۔

میدانِ تحقیق میں نووارد محققین بالخصوص ایم-فل / پی ایچ-ڈی طلباء کسی نئے، اچھوتے اور قابلِ بحث موضوعِ تحقیق کی تلاش میں رہتے ہیں۔ تحقیق کے مراحل میں موضوع کی تلاش ایک اہم مرحلہ ہوتا ہے، بلکہ تحقیق کار کے لیے بعض اوقات یہ مرحلہ اچھی خاصی آزمائش بن جاتا ہے وہ چاہتا ہے (اور اس کی یہ خواہش فطری اور بجا ہے) کہ موضوع اس کی صلاحیت اور افتادِ طبع کے مطابق مناسب و موزوں ہو، اور نیا بھی ہو۔ بسا اوقات تحقیق کار اپنے تئیں ایک اچھا اور عمدہ موضوع انتخاب کرتا بھی ہے اور مطالعہ و محنت کر کے خاکہ بناتا ہے تو پتا چلتا ہے کہ اس پر کام ہو چکا ہے اور یوں ساری محنت بے کار جاتی ہے۔

موضوعِ تحقیق کے انتخاب میں امدادی ذرائع اور وسائل کے ضمن میں سابقہ تحقیقی مقالات (Research Thesis/Disseration) کا خصوصی تذکرہ کیا جاتا ہے کیوں کہ ان کا مطالعہ عنوان کے انتخاب میں کافی حد تک معاون ثابت ہوتا ہے۔ اسی طرح تحقیقی مقالات کی فہارس سے بھی موضوع کے انتخاب میں مدد مل جاتی ہے۔ زیرِ نظر اشاراتی کاوش کا مقصد بھی مستقبل کے محققین میں اختراعی لگن و تڑپ بیدار کر کے ان کی تحقیقی موضوعات کے انتخاب میں معاونت و رہنمائی کرنا ہے تاکہ وہ یکساں موضوعات کی تکرار سے بچتے ہوئے اپنی خاطر خواہ تحقیق کے لئے کوئی مناسب موضوع بآسانی منتخب کر سکیں اور دل جمعی کے ساتھ تحقیق کے عمل کو آگے بڑھا سکیں۔

پاک وہند کے جامعات میں علومِ اسلامیہ سمیت دیگر مضامین میں مذہبی حوالے سے (زیادہ تر) تکمیل شدہ یا زیرِ تکمیل تحقیقی مقالات کی زیرِ نظر الف بائی جامع موضوعاتی فہرس ریسرچ سکالرز کو تحقیقی موضوعات تک رسائی میں سہولت فراہم کرے گی اور ان کے مجوزہ عنوانِ مقالہ سے متعلق سابقہ تحقیقات کے جائزہ (Review of Previous Literature) میں انتہائی مددگار ثابت ہوگی۔ بلاشبہ تمام تحقیقی مقالات کسی نہ کسی اہم گوشے کو نمایاں کرتے ہیں۔ اس کا مطالعہ انہیں موضوعِ تحقیق کے انتخاب میں تحقیق در تحقیق، تکرار اور یکسانیت سے بچا کر تحقیق کے کسی نئے پہلو کی جانب بڑھنے میں بھی رہنمائی دے گا۔ علاوہ ازیں تحقیقی موضوعات و مقالات کی یہ منظّم وضاحتی کتابیات طلبہ وطالبات کی تحقیقی اور تخلیقی صلاحیتوں کو اجاگر کرے گا اور اس سے پاک وہند کے جامعات میں ماضی میں ہونے والے تحقیقی کام کی نوعیت اور رجحانات و میلانات کا اندازہ اور معیار اور طرزِ تحریر وغیرہ میں عصرِ حاضر کے ساتھ ان کا تقابل کیا جا سکے گا اور مستقبل کے پیشِ نظر بہتر، ٹھوس، کارآمد اور قابلِ تحقیق معیاری موضوعات کے انتخاب میں آسانی پیدا ہوگی۔ اس فہرس سے اہلِ علم اور محققین کے علاوہ معاشرے کے دیگر طبقات بھی رہنمائی حاصل کر سکیں گے۔

اس ریسرچ انڈکس کی نمایاں خصوصیات:

- ✓ زیرِ نظر کاوش اُردو میں علومِ اسلامیہ و عربیہ سمیت ادبیات، لسانیات و سماجیات وغیرہ میں مذہبی، ابلاغی اور تدوینی جہات سے پاک و

ہند کے 100 جامعات کے 2227 پی ایچ-ڈی، 2687 ایم-فل اور 2931 ایم-اے سطح پر تکمیل شدہ وزیرِ تحقیق مقالات اور مزید مجوزہ قابل بحث 475 عنوانات (کل 8320 موضوعات) کا الف بائی اشاریہ ہے جن تک ہماری رسائی تمام وسائل کو استعمال میں لاتے ہوئے ممکن ہو سکی۔ اُردو چونکہ وطنِ عزیز کی عام فہم، بکثرت مستعمل اور قومی زبان ہے لہٰذا فی الوقت اس کی تخصیص کی گئی ہے تاہم مستقبل میں اسی انداز سے اس کاوش کو عربی، انگریزی اور دیگر زبانوں کی طرف بھی بڑھایا جا سکتا ہے۔

- ✓ زیر نظر فہرسِ مقالات کوئی عام فہرس نہیں ہے بلکہ یہ ایک علمی، تحقیقی، فنی، توضیحی اور موضوعاتی فہرست ہے جو ایک اہم تحقیقی دستاویز اور وضاحتی کتابیات کی حیثیت رکھتی ہے جس سے ریسرچ کے اساتذہ، طلباء و شائقین یکساں مستفید ہوں گے۔ ان شاءاللہ۔
- ✓ اس معاونِ تحقیق موضوعی فہرس کے اندراج میں الف بائی ترتیب سے اوّلاً عنوانِ مقالہ، پھر مقالہ نگار کا نام، نگرانِ تحقیق کا نام (دستیابیٔ معلومات کی بنیاد پر)، معاون نگرانِ تحقیق کا نام (اگر ہو)، متعلقہ شعبہ، ادارہ / جامعہ کا پورا نام (جگہ کی دستیابی کی صورت میں اردو اور انگریزی میں)، سیشن (دستیابیٔ معلومات کی بنیاد پر)، سنِ تکمیل (دستیابیٔ معلومات کی بنیاد پر)، تعدادِ صفحات (دستیابی کی بنیاد پر)، ویب سائٹ (دستیابی کی بنیاد پر) اور کتابی صورت میں اشاعت کی تفصیلات (اگر ہو) جیسی معلومات فراہم کی گئی ہیں۔
- ✓ الف بائی ترتیبِ برائے اندراجِ تفصیلات و معلومات اس لیے اختیار کیا گیا ہے کہ تمام جامعات کا تحقیقی کام منظم انداز میں پیش کیا جا سکے، کسی بھی عنوان کو تلاش کرنے میں سہولت رہے اور عموماً ایک جیسے یا قریب تر عنوانات ایک ساتھ مل سکیں اور بلا ضرورت تکرار و طوالت سے بچا جا سکے۔
- ✓ مقالات کی سنِ تکمیل کے حوالے سے ایک وضاحت ضروری ہے ' اولاً تو یہ کوشش کی گئی ہے کہ وہ سن تحریر کی جائے جس میں مقالہ پایہ تکمیل تک پہنچا ہوں اور جلسہ دفاع یا مناقشہ منعقد ہو چکا ہو، البتہ بعض فہارس میں ''سال'' کے خانے میں بغیر کسی پیشگی وضاحت کے سنِ تکمیل کے بجائے سنِ داخلہ یا وہ سن جس میں مقالہ ابتدائی جائزے کے لیے جمع ہوتا ہے ' مندرج ملتا ہے اگر دیگر ذرائع سے کوئی مصدقہ تاریخ تکمیلِ مقالہ نہ ملے تو مجبوراً یہی ''سن'' لکھنے پہ اکتفا کیا گیا ہے۔ یہی صورتِ حال مطبوعہ یا برقی صورت میں دستیاب مقالات کی بھی ہیں۔ اس ضمن میں بھی اولاً سنِ دفاعِ مقالہ کی یقین دہانی کی کوشش کی گئی ہے۔ عدم دستیابی کی صورت میں ان مقالات کے اوپر درج سنِ اشاعت کے اندراج پر ہی اکتفا کیا گیا ہے جس سے لازماً یہ مراد نہیں ہے کہ اسی سال امیدوار نے متعلقہ پروگرام کی سند حاصل کی ہے۔ ممکن ہے کہ مقالہ اسی سال بیرونی جائزہ کے لیے پیش کیا گیا ہو اور پروگرام کے دیگر قانونی تقاضے اور ضابطے پوری کرنے میں محقق کا اچھا خاصا وقت لگا ہو اور ڈگری اس نے کئی سال بعد حاصل کی ہو۔ زیر تکمیل اور زیر تحقیق مقالات کے سامنے بھی معلومات ہونے کی صورت میں وضاحت کی گئی ہے بصورتِ دیگر خاموشی اختیار کی گئی ہے۔
- ✓ مقالات کی جتنی بھی تفصیلات مہیا ہو سکی ہیں ان پر ہی انحصار کیا گیا ہے۔ ویسے تو ہر مقالے کے ممکنہ کامل تفصیلات کے اندراج کی حتی الوسع کوشش کی گئی ہے۔ ممکنہ کوشش کی گئی ہے کہ فراہم کردہ تفصیلات ایک سطر میں آجائے اس کے لیے بعض اندراجات میں اختصار سے بھی کام لیا گیا ہے۔ مثلاً ''مقالہ نگار'' کی بجائے ''تحقیق کار''، ''محقق'' یا ''محققہ''، اسی طرح ''نگرانِ تحقیق'' یا ''نگرانِ مقالہ'' کی بجائے صرف ''نگران'' کے الفاظ پر اکتفا کیا گیا ہے۔ بعض جگہوں پر جامعات کے نام اختصار کے ساتھ تحریر کیے گئے۔ اسی طرح بعض نگرانِ مقالہ کے اسمائے گرامی بھی کہیں پر مختصر لکھے گئے ہیں اور ان کے شروع میں پروفیسر، علامہ، ڈاکٹر یا دیگر الفاظ حذف کیے گئے ہیں مگر واضح رہے کہ اکثر اندراجات ایک سے زائد سطور میں آئے ہیں ایسی صورت میں ممکنہ کامل تفصیلات (الفاظ)

درج کیے گئے ہیں اور نگرانِ تحقیق اور متعلقہ شعبہ یا جامعہ کا پورا نام دیا گیا ہے۔

- ✓ اس ریسرچ انڈکس کی ایک نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ متذکرہ آٹھ ہزار قدیم وجدید مقالات میں سے جو انٹرنیٹ پر اور بالخصوص پاکستان اور انڈیا کے مخزنِ مقالات (Resaerch Repositories) پر استفادۂ عام کی خاطر برقی صورت میں دستیاب ہیں ان کے بارے وضاحت کی گئی ہے اور مکمل ڈاؤن لوڈ لنک کے بجائے صرف متعلقہ ویب سائٹ کی نشان دہی کی گئی ہے جہاں پر اس کو تلاش کر کے آن لائن رسائی حاصل کی جاسکتی ہے۔ ڈاؤن لوڈ لنکس اکثر کچھ عرصہ بعد ناکارہ (inactive) ہو جاتے ہیں لہٰذا فقط ویب سائٹ کے اندراج پر اکتفا کیا گیا ہے۔ اس کے باوجود عموماً انٹرنیٹ پر کچھ عرصہ بعد بعض ویب سائٹس بھی بوجوہ غیر فعال ہو جاتے ہیں۔ قارئین اگر کسی ایسے مقالے کو انٹرنیٹ پر تلاش کرنے میں مشکلات یا ناکامی کے شکار ہوں جس کی ویب سائٹ ہم نے فراہم کی ہو تو اس صورت میں سافٹ کاپی کے حصول کے لیے ہمارے ریسرچ اینڈ انڈکسنگ سیل سے بذریعہ ای میل یا سوشل میڈیا رابطہ کیا جاسکتا ہے کیونکہ اس قسم کے مقالے مرتب نے پہلے انٹرنیٹ سے ڈاؤن لوڈ اور محفوظ کیے ہیں اس کے بعد متعلقہ ویب سائٹ کا اندراج کیا ہے۔ مطلوبہ مقالہ کی برقی کاپی ان شاءاللہ پہلی فرصت میں مہیا کی جائے گی۔
- ✓ بعض تحقیقی مقالات سندی تحقیق کے مرحلے سے گذر کر بعد میں کتابی صورت میں بھی شائع کی جاتی ہیں اور اپنے موضوع کی ندرت کی وجہ سے مقبول ہو جاتی ہیں ایسے مقالات کے بارے میں ممکنہ اشاعتی معلومات وتفصیلات مہیا کی گئی ہیں۔
- ✓ یونیورسٹی آف سندھ کے تحت اکثر مقالات کے عنوانات اردو زبان میں ہوتے ہیں مگر اصل مقالہ سندھی میں تحریر شدہ ہوتا ہے۔ معلومات ہونے کی صورت میں ایسے مقالات کا اندراج نہیں کیا گیا ہے تاہم چونکہ فہارس میں عموماً ایسے مقالات کے عنوانات اردو میں لکھے جاتے ہیں لہٰذا سہو کا امکان بہر حال موجود ہے۔ یہی امکان کسی اور جامعہ کے اندراجات میں بھی ممکن ہے۔
- ✓ واضح رہے کہ زیر نظر فہرستِ مقالات میں متذکرہ اگرچہ اکثریتی مقالات علومِ اسلامیہ (بالخصوص قرآنیات، سیرت النبی ﷺ، سیر صحابہؓ، علوم الحدیث، فقہیات، تاریخ اسلامی، تقابل ادیان، کلامیات وغیرہ) کے ہی ہیں تاہم دیگر مضامین بالخصوص ادبیات و لسانیات (عربی، اُردو، فارسی وغیرہ)، تاریخ، پاکستانیات، ابلاغیات، اقبالیات، سیاسیات، معاشیات، مذہبیات، علم التعلیم وغیرہ کے وہ موضوعات بھی شامل ہیں جو کسی بھی حوالے سے کلی یا جزوی طور پر اسلامی، دینی یا مذہبی تناظر میں بزبانِ اُردو تحریر کی گئی ہو حتیٰ کہ وہ تمام موضوعات جو مذہبی نام پر مروج ہیں اگرچہ ان کی اصلیت خالصتاً ادبی (جیسے سلام نگاری، مرثیہ نگاری، سوانح نگاری، قصیدہ نگاری وغیرہ)، کچھ اور یا پھر متنازعہ ہے مگر پھر بھی وسعتِ قلبی کا مظاہرہ کر کے ان کو درج کیا گیا ہے۔ شاید راقم کی کج فہمی میں اس موضوع کی نوعیت ایسی ہو گی کہ اصلاحِ احول یا تحقیق مزید کی خاطر ان کو مذہبی تناظر میں دیکھنا ضروری ہو لہٰذا آگہی اور خبر گیری کی خاطر ان کا تذکرہ بھی کیا گیا ہے البتہ ان کے مطالعہ سے بعض اہلِ علم کو ان کی Relevancy کے بارے میں اعتراض ہو سکتا ہے لہٰذا اس کے اندراج کا سبب واضح کیا گیا۔ علاوہ ازیں اسلامیات ومذہبیات سمیت مرتّب کا دینی ابلاغیات ومجلاتی صحافت اور رسمیاتِ مقالہ نگاری (اصولِ تحقیق وتدوین) سے خصوصی شغف کی بناء پر ان مجالات سے متعلق مقالات کی تفصیلات بھی شامل ہیں۔
- ✓ علاوہ ازیں دیگر مذاہب جیسے عیسائیت، سکھ مت وغیرہ کے حوالے سے لکھی گئی بعض مقالات کا تذکرہ کیا گیا ہے۔ ان متنوع (Diverse) موضوعات کو ایک ساتھ جمع کر کے پیش کرنے کا مقصد بین الابعادی تحقیق (Multi-Disciplinary Research) کو فروغ دینا اور مختلف علوم کو ایک دوسرے کے قریب لا کر استفادے کا زیادہ سے زیادہ مواقع فراہم کرنا ہے۔ ان موضوعاتِ مقالات

کی زمرہ بندی ارادتاً نہیں کی گئی کیوں کہ اکثر عنوانات کسی نہ کسی حوالے ایک سے زیادہ علوم سے متعلق ہوتے ہیں مثلاً حدیث نبوی کے حوالے سے بعض مقالات سیرت کے زمرے میں بھی آتے ہیں یہی صورت حال فقہ اور بعض دیگر علوم میں مقالات کی بھی ہے۔ لٰہذا بلاوجہ تکرار اور ذہنی کوفت (کنفیوژن) سے بچنے کی خاطر حروفِ تہجی کی ترتیب سے فہرست مرتب کرنے پر اکتفا کیا گیا۔

اس فہرس میں انسانی بساط کے مطابق پاک، ہند کے جامعات کے تحقیقی مقالات و موضوعات کے اندارج کی حتی المقدور کوشش کی گئی ہے مگر اس کے باوجود سینکڑوں ایسے مقالات ہوں گے جن تک تلاش بسیار کے باوجود ہماری رسائی کسی طرح ممکن نہ ہو سکی لٰہذا قارئین سے گزارش ہے کہ اس قسم کی معلومات ہمارے ساتھ اپنی سہولت کے مطابق بذریعہ ڈاک، ای میل، سوشل میڈیا وغیرہ ضرور شیئر کیجیے۔

ضرورت اس امر کی ہے کہ ہمارے محققین دورِ حاضر کے تقاضوں کا ادراک کرتے ہوئے اپنے تحقیقی موضوعات میں معاصر جہتوں اور جدید رجحانات کا لحاظ رکھیں اور علوم دینیہ میں نئے ابھرنے والے ٹھوس، جاندار، مؤثر، جامع اور قابل بحث عنوانات پر مقالات پیش کریں۔

ڈاکٹر سعید الرحمٰن، مردان، پاکستان

جون ۲۰۱۷ء

بہتر سے خوب، خوب سے بڑھ کر تلاش کر
دریا اگر ملے تو سمندر تلاش کر

تشکرات برائے تحقیقات اسلامیات

زیرِ نظر کاوش میں متعدد علمی شخصیات نے فراہمیٔ معلومات اور حوصلہ افزائی کی صورت میں تعاون کیا جس کے لیے ادارہ اور بالخصوص مرتب ان سب کا تہہ دل سے مشکور ہے۔ اختصار کے پیش نظر تمام افراد کا ذکر محال ہے تاہم چند ایک کا تذکرہ کیا جاتا ہے جن احباب کے نام شامل نہ ہو سکیں امید ہے وہ دل پہ نہیں لیں گے۔

- **پروفیسر ڈاکٹر قبلہ ایاز**، سابقہ VC/ڈین، جامعہ پشاور، موجودہ ہیڈ HEC سیرت چیئر "انٹر فیتھ وکمیونل ہارمنی" شعبہ مطالعات سیرت، جامعہ پشاور، پشاور
- **پروفیسر ڈاکٹر معراج الاسلام ضیاء**، ڈین، فیکلٹی آف اسلامک اینڈ اورینٹل سٹڈیز/پروفیسر، شعبہ اسلامیات، یونیورسٹی آف پشاور، پشاور، خیبر پختونخوا، پاکستان
- **پروفیسر ڈاکٹر نیاز محمد**، ڈین، فیکلٹی آف آرٹس وہیومینٹیز/پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، عبدالولی خان یونیورسٹی مردان (AWKUM)، خیبر پختونخوا، پاکستان
- **ڈاکٹر حافظ صالح الدین**، چیئرمین/ایسوسی ایٹ پروفیسر، **ڈاکٹر سراج الاسلام حنیف**، **ڈاکٹر محمد طاہر**، **ڈاکٹر محمد نعیم**، **ڈاکٹر اظہار خان**، **ڈاکٹر کریم داد**، **ڈاکٹر گل زاہر علی**، **ڈاکٹر محمد زبیر**، **عادل خان** (اسسٹنٹ پروفیسرز)، **ڈاکٹر سہیل انور** (لیکچرر)، شعبہ علوم اسلامیہ، عبدالولی خان یونیورسٹی مردان، پاکستان
- **ڈاکٹر عطاء خورشید**، انچارج، اورینٹل ڈویژن، مولانا آزاد لائبریری، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی (AMU)، علی گڑھ، اترپردیش (U.P)، انڈیا
- **پروفیسر ڈاکٹر تاج الدین ازہری** (چیئرمین)، **عبدالواحد** (پی ایچ ڈی سکالر)، **بابر شہزاد** (پروگرام کوآرڈینیٹر)، شعبہ علوم اسلامیہ، ہائی ٹیک یونیورسٹی، ٹیکسلا
- **پروفیسر ڈاکٹر عبدالقدوس صہیب**، چیئرمین، شعبہ علوم اسلامیہ، بہاء الدین زکریا یونیورسٹی (BZU)، ملتان، صوبہ پنجاب، پاکستان
- **پروفیسر ڈاکٹر ہمایوں عباس**، ڈین، فیکلٹی آف اسلامک واورینٹل لرننگ/چیئرمین، شعبہ علوم اسلامیہ وعربی، گورنمنٹ کالج یونیورسٹی (جی سی یو)، فیصل آباد
- **ڈاکٹر افتخار احمد**، ایسوسی ایٹ پروفیسر/چیئرمین، **ڈاکٹر ضیاء الرحمٰن**، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور (IUB)، پاکستان
- **ڈاکٹر محمد عبداللہ**، ایسوسی ایٹ پروفیسر علوم اسلامیہ، شیخ زاید اسلامک سنٹر، یونیورسٹی آف دی پنجاب، قائد اعظم کیمپس، لاہور، پنجاب، پاکستان
- **ڈاکٹر ثناء اللہ** (قلمی نام: ثناء اللہ حسین)، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ قرآن وتفسیر، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد، پاکستان
- **ڈاکٹر سجاد احمد**، اسسٹنٹ پروفیسر، انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک سٹڈیز، میرپور یونیورسٹی آف سائنس وٹیکنالوجی (MUST)، میرپور، آزاد جموں وکشمیر، پاکستان
- **ڈاکٹر عرفان اللہ** (اسسٹنٹ پروفیسر)، **ڈاکٹر فخر الدین** (لیکچرر)، **بلال احمد خان** (جونیئر کلرک)، شعبہ علوم اسلامیہ، یونیورسٹی آف سائنس وٹیکنالوجی بنوں
- **ڈاکٹر مرسل فرمان** (چیئرمین/ایسوسی ایٹ پروفیسر)، **ڈاکٹر محمد سعید شفیق**، اسسٹنٹ پروفیسر (IPFP)، شعبہ مطالعات سیرت، پشاور یونیورسٹی، پشاور
- **قاری محمد فیاض**، **سیف اللہ خلیل**، **محمد نواز**، **سلیم خان** (لیکچرارز)، **نواز خان** (سپرنٹنڈنٹ)، شعبہ اسلامیات، پشاور یونیورسٹی، پشاور، خیبر پختونخوا، پاکستان
- **ڈاکٹر جالس خان** (اسسٹنٹ پروفیسر، ملاکنڈ یونیورسٹی)، **ڈاکٹر حشمت علی صافی** (العلم اکیڈمی، پشاور)، **ڈاکٹر ساجد محمود** (لیکچرر، ہزارہ یونیورسٹی)، **ڈاکٹر سجاد علی** (شاہ عبداللطیف یونیورسٹی، خیرپور)، **ڈاکٹر سمیع الحق / ڈاکٹر آفتاب احمد / الیاس احمد** (SBBU، شرینگل)، **ڈاکٹر سید باچا آغا** (اسسٹنٹ پروفیسر، GDC سریاب روڈ، کوئٹہ)، **ڈاکٹر شگفتہ اختر** (ڈائریکٹر ORIC، فاؤنڈیشن یونیورسٹی، اسلام آباد)، **ڈاکٹر عبدالعلی اچک زئی** (بلوچستان یونیورسٹی، کوئٹہ)، **ڈاکٹر کفایت اللہ ہمدانی** (چیئرمین شعبہ عربی، NUML)، **ڈاکٹر محمد انیس خان** (کاٹلنگ، مردان)، **ڈاکٹر محمد سہیل شفیق** (اسسٹنٹ پروفیسر اسلامک ہسٹری، کراچی یونیورسٹی)، **ڈاکٹر مفتی عبدالرزاق** (غازی یونیورسٹی، ڈیرہ غازی خان)، **ڈاکٹر نور حیات خان** (NUML، اسلام آباد)، **مفتی محمد ایاز** (جامعہ تبلیغ القرآن، پشاور)، **اعزاز اللہ** (ایم فل سکالر، زرعی یونیورسٹی، پشاور)، **بشیر احمد درس** (مہران یونیورسٹی)، **راؤ ناصر علی خان** (لیکچرر، سرگودھا یونیورسٹی)، **حافظ محمد شارق** (کراچی)، **سلمان سراج** (ایم فل سکالر، IIU)، **سمیع اللہ طاہر** (ریسرچ سکالر، گفٹ یونیورسٹی)، **شمائلہ ممتاز** (پی ایچ ڈی سکالر، NUML)، **عرفان رضا** (لیکچرر، ORIC-NUML)، **عمران راجپوت** (پی ایچ ڈی سکالر، سندھ یونیورسٹی)، **غزالہ یعقوب** (ٹیچنگ/ریسرچ ایسوسی ایٹ، شعبہ اردو، IIU)، **قاری محمد نعیم خان / داؤد شیرانی** (ریسرچ سکالرز، گومل یونیورسٹی)، **محمد انس حسان** (ملتان)، **محمد طاہر بٹ** (اسسٹنٹ لائبریرین، PSC، جامعہ کراچی)، **محمد طیب حقانی** (لیکچرر، GPGC منڈی بہاء الدین)، **نازیہ ملک** (NUML)، **عبدالرحمٰن / محمد طیب / احمد سعید / محمد فاضل / محمد قاسم / ضیاء اللہ / محمد طاہر / احمد الرحمٰن** (محکمہ تعلیم)، **حامد الرحمٰن**، **عرفان الرحمٰن** اور تمام طلباء وطالبات ایم اے، ایم فل، پی ایچ ڈی علوم اسلامیہ، AWKUM، سوشل میڈیا فرینڈز اور دیگر احباب

جزاہم اللہ خیراً فی الدارین

ڈاکٹر سعید الرحمٰن بن نور حبیب

اسلامک ریسرچ اینڈ انڈکسنگ سیل (IRIC) مردان

فہرستِ جامعات (List of the Univesities)

